آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی میں تیرہویں عالمی اردو کانفرنس میں اردو نظم سو برس کا قصہ سیشن سے فاطمہ حسن اپنے خیالات کا اظہار کررہی ہیں، رخسانہ صبا اور عنبرین عنبر بھی موجود ہیں

www.jehanpakistan.pk
ABC CERTIFIED
MEMBER APNS, CPNE
روزنامہ
اویس رؤف
# جہان پاکستان
کراچی
05 December 2020

# اردو کانفرنس کے دوسرے روز 5 کتابوں کی تقریب رونمائی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی میں جاری تیرہویں عالمی اردو کانفرنس کے دوسرے روز پانچ کتابوں کی تقریب رو نمائی ہوئی جس میں کتابوں کے مصنفین اور تجزیہ نگاروں نے کتابوں سے متعلق اپنی آرا کا اظہار کیا، معروف مصنفہ عذرا عباس کی کتاب ''اداسی کے گھاؤ'' پر تبصرہ کرتے ہوئے کاشف رضا نے کہا کہ اپنی کلیات میں مصنفہ نے نظم کو نیا رنگ عطا کیا ہے، حمیرا خلیق کی کتاب ''گوشہ دل'' پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے ڈاکٹر فاطمہ حسن نے کہا کہ مصنفہ نے اپنے خاکوں میں معاشرے کے مختلف پہلوؤں اور معروف کرداروں کے پوشیدہ رویوں کو اجاگر کیا ہے، اقبال نظر کی کتاب ''درویش نامہ'' پر بات کرتے ہوئے معروف دانشور پیرزادہ قاسم نے کہا کہ مصنف نے اپنی کتاب میں انسانی رویوں کو انتہائی خوبی سے لفظوں میں سمویا ہے، پروفیسر سحر انصاری نے ممتاز شاعرہ ہما طاہر کے تیسرے شعری مجموعے ''اوج کمال'' کو سراہتے (باقی صفحہ 6 پر)

بقیہ

## تقریب رونمائی

ہوئے کہا کہ شاعرہ نے اس کتاب میں زندگی کے موسموں کو تخلیق کے رنگوں میں پرویا ہے ان کے شعروں میں حب الوطنی کا رنگ بھی پایا جاتا ہے، تقریب رونمائی کی میزبانی آغا شیرازی نے کی۔

www.jehanpakistan.pk
ABC CERTIFIED
روزنامہ
جہان پاکستان
کراچی
05 December 2020

# محبت کی زبان بہت مختصر ہوتی ہے' ڈاکٹر عالیہ امام

## رسول اکرمؐ نے ہمیں بتایا کہ انسان کی بڑائی کا معیار دولت نہیں علم ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) عالمی اردو کانفرنس کے دوسرے روز تیسرا اجلاس "نعتیہ اور رثائی ادب کی ایک صدی" کے حوالے سے مختلف اہل فکر ودانش نے گفتگو کی جبکہ ڈاکٹر عالیہ امام نے اجلاس کی صدارت کی۔ ڈاکٹر کاشف عرفان نے اسلام آباد سے آن لائن "معاصر نعت: تحقیقی و فکری اسالیب" ڈاکٹر ریاض مجید نے فیصل آباد سے آن لائن "ایک صدی میں اردو نعت" فراست رضوی نے "اردو میں رثائی ادب: ماضی، حال اور مستقبل" ڈاکٹر شہزاد احمد نے "ایک صدی میں اردو نعت کے اہم سنگ میل" اور ضیاء الدین رحمانی نے نعت کے موضوعات پر اظہار خیال کیا، اجلاس کی نظامت عزیز الدین خاکی نے انجام دی، صدر محفل ڈاکٹر عالیہ امام نے اپنے صدارتی خطبہ میں کہا کہ محبت کی زبان بہت مختصر ہوتی ہے، جہل اور تاریکی کے صحرا میں جہاں محبت کے بجائے نفرتوں کو پروان چڑھایا جا رہا ہو، جہاں ورد اکتساب کی جگہ درد کتاب کو فروغ دیا جا رہا ہو ایسے ماحول میں وہاں نعتیہ اور رثائی ادب کو جگہ دینا آرٹس کونسل کراچی اور احمد شاہ کا ہی کمال ہے، انہوں نے کہا کہ رثائی ادب کا موضوع کربلا ہے اور یہ رثائی ادب گزشتہ سو سال سے چل رہا ہے جبکہ نعتیہ کلام بھی سو سال سے چل رہا ہے، انہوں نے کہا کہ قلم اور کتاب انسان کی سب سے بڑی دولت ہیں اور اسے کس طرح سے خوب سے خوب تر طریقے سے استعمال کیا جاسکتا ہے یہ ہر مہذب انسان اور حکومتوں کا اہم نقطہ (باقی صفحہ 6 پر)

بقیہ

### ڈاکٹر عالیہ امام

ہونا چاہیے، انہوں نے کہا کہ رسول اللہ نے ہمیں مکمل نظام حیات بتا دیا ایسا نظام کہ جہاں زمین کے خزانوں کے مالک چند لوگ نہ ہوں بلکہ تمام خزانے انسانیت کی ملکیت ہوں اور ایسے حالات ہوں جس میں اعلیٰ اقدار میں رہنا ہر انسان کے لیے ناگزیر ہو جائے، انہوں نے کہا کہ رسول اکرمؐ نے ہمیں یہ بھی بتایا کہ انسان کی بڑائی کا معیار دولت نہیں بلکہ علم ہے۔ ڈاکٹر کاشف عرفان نے اسلام آباد سے آن لائن "معاصر نعت: تحقیقی و فکری اسالیب" کے موضوع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نعت فکر و عمل کا نور ہے، نعت ایسے شعری اظہار کا نام ہے جس میں بے انتہا عقیدت اور محبت موجود ہوتی ہے، اردو میں آغاز سے ہی نعت نگاری موجود تھی مگر ادب میں اس کا حصہ بطور تبرک ہی شامل رہا، انہوں نے کہا کہ اسلوب ادیب کا ذاتی سرمایہ ہوتا ہے اور کسی ادبی دور کی پہچان بھی ہوتا ہے جبکہ اسلوب ہی ایک دور کو دوسرے سے جدا کرتا ہے، انہوں نے کہا کہ بیسویں صدی تک تین نعتیہ اسالیب ہمارے سامنے آئے جب نعت 20ویں صدی میں داخل ہوئی تو یہ تینوں اسلوب بھی ساتھ ہی چل رہے تھے۔

www.jehanpakistan.pk
ABC CERTIFIED

روزنامہ
اویس رؤف
جہان پاکستان
کراچی

05 December 2020

# بلوچستان کا نصف ادب زبانی ہے، شاہ محمد مری

## بلوچ معاشرے میں شاعر کو شاہ یار یعنی شاہوں کا یار کہا جاتا تھا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی آرٹس کونسل میں منعقدہ تیرہویں عالمی اردو کانفرنس میں علاقائی زبانوں کی ترویج کے لیے سیشنز کا اہتمام کیا گیا۔ بلوچی زبان پر رکھے گئے سیشن میں نامور بلوچ دانشور شاہ محمد مری نے بلوچ ادب پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں تخلیق کیا گیا نصف سے زائد ادب زبانی ہے جو نسل در نسل اور سینہ بہ سینہ منتقل ہوتا آ رہا ہے تاہم نئے لکھنے والوں کی ادبی تحاریر کو تحریری شکل دی جا رہی ہے، انہوں نے بتایا کہ بلوچ معاشرے میں شاعروں کو نہایت احترام کی نظر سے دیکھا جاتا تھا، انہیں شاعر کے بجائے شاہ یار یعنی شاہوں کا یار کہا جاتا تھا، شاعروں کو ہر گھرانے سے فصل میں حصہ بھی دیا جاتا تھا، شاہ محمد مری کا کہنا تھا کہ اگر بلوچ ادب کو سمجھ لیا جائے تو بلوچ سیاست خود ہی سمجھ آ جاتی ہے، معروف بلوچ شاعر افضل مراد نے کوئٹہ سے (باقی صفحہ 6 پر)

**بقیہ | شاہ محمد مری**

آن لائن شرکت کرتے ہوئے کہا کہ بلوچی ادب اپنی موضوعات کے اعتبار سے دیگر خطوں کے ادب سے ممتاز مقام رکھتا ہے۔ بلوچستان میں عورتوں کے حوالے سے کی جانے والی اردو شاعری بھی اپنی مثال آپ ہے۔ گفتگو کی نظامت کے فرائض وحید نور نے ادا کیے۔

www.jahanpakistan.pk

ABC CERTIFIED

# جہان پاکستان

کراچی

05 December 2020

## خواتین نے اعلیٰ درجے کی شاعری کی، ڈاکٹر فاطمہ حسن

### تقسیم وطن سے پہلے تک نظم کو شاعری میں اہمیت نہیں دی گئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی کے زیرِ اہتمام 13ویں عالمی اردو کانفرنس کے دوسرے روز پہلا اجلاس "اردو نظم۔ سو برس کا قصہ" کے عنوان سے منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈاکٹر فاطمہ حسن نے "خواتین نظم نگار۔ ایک صدی کا جائزہ"، تنویر انجم نے "مابعد جدیدیت، نثری نظم اور نئی نسل"، نعمان الحق نے لاہور سے آن لائن "اردو نظم کے متنوع رنگ" جبکہ وحید عارف نے اسلام آباد سے آن لائن "اردو نظم پر تانیثی ادب کے اثرات" پر گفتگو کی۔ ڈاکٹر فاطمہ حسن نے "خواتین نظم نگار۔ ایک صدی کا جائزہ" پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ خواتین نظم نگاروں پر سو برس کا طویل قصہ حقیقتاً بہت طویل ہے جس پر بات کرنا دریا کو کوزے میں بند کرنے کے مترادف ہوگا۔ اس صدی کا یہ عرصہ 1920ء سے شروع ہوتا ہے جس میں خواتین نے اعلیٰ درجے کی شاعری کی، اس صدی کو تجربے کی صدی بھی کہا جاسکتا ہے۔ تقسیم وطن سے پہلے تک نظم کو شاعری میں اہمیت نہیں دی گئی اس دور کی شاعرات کا ذکر صرف تذکروں میں ملتا ہے مگر تاریخ میں نہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس دور میں شاعرات نظموں کی طرف زیادہ مائل تھیں۔ سو برس کی صدی میں جہاں مختلف شاعرات بہت اہم رہیں ان میں زاہدہ خاتون، رابعہ پنہاں، نفیس جمال، خورشید آراء بیگم اور دیگر شامل تھیں۔ ادا جعفری وہ پہلی شاعرہ ہیں جنہوں نے عورت کی شناخت کو اپنی نظموں میں واضح کیا۔ انہوں نے کہا کہ زہرا (باقی صفحہ 6 پر)

### ڈاکٹر فاطمہ حسن

نگاہ جدید شاعری کا معتبر حوالہ ہیں ان کی نظموں پر آصف فرخی کی رائے بہت اہم ہے۔ زہرا نگاہ کی شاعری بہت حساس موضوعات پر ہے اور ان کی یہ سب نظمیں اجتماعی غم کی عکاس ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فہمیدہ ریاض ہمارے عہد کی پہچان بن گئی ہیں انہوں نے بھی اپنے اظہار کے لیے نظم ہی کا راستہ اختیار کیا انہوں نے عورت کو اس کی پوری سچائی اور حقوق سے آگاہ کیا جبکہ کشور ناہید نے اپنی شاعری کے ذریعے ان سماجی رویوں پر احتجاج کیا۔

Daily JURAAT
جرات

05 December 2020

## عالمی اردو کانفرنس، "بلوچی زبان اور ادب کے سو برس" کے موضوع پر نشست کا اہتمام

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی آرٹس کونسل میں منعقدہ تیرہویں عالمی اردو کانفرنس میں علاقائی زبانوں کی ترویج کے لیے سیشنز کا اہتمام کیا گیا۔ بلوچی زبان پر رکھے گئے سیشن میں نامور بلوچ دانشور شاہ محمد مری نے بلوچی ادب پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں تخلیق کیا گیا نصف سے زائد ادب زبانی ہے جو نسل در نسل اور سینہ بہ سینہ منتقل ہوتا آ رہا ہے تاہم نئے لکھنے والوں کی ادبی تخلیقات کو تحریری شکل دی جا رہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ بلوچی معاشرے میں شاعروں کو نہایت احترام کی نظر سے دیکھا جاتا تھا۔ معروف بلوچی شاعر افضل مراد نے کوئٹہ سے آن لائن شرکت کرتے ہوئے کہا کہ بلوچی ادب اپنے موضوعات کے اعتبار سے دیگر خطوں کے ادب سے ممتاز مقام رکھتا ہے۔

Daily JURA'AT
جرأت
05 December 2020

آرٹس کونسل میں
عالمی اردو کانفرنس

# ہمارے ادب اور سماج میں "خواتین کا کردار" کے موضوع پر بحث

## پاکستانی اردو ادب کو اس لیے نقصان پہنچا ہے کہ اسے عورت اور مرد کے خانوں میں بانٹ دیا گیا ہے، عورت کا خود بولنا لکھنا سماج کیلئے بڑی تبدیلی ہے

### اس وقت ڈراموں میں عورت کے دکھ کو بیچا جا رہا ہے، ہمیں اپنی بچیوں میں اعتماد پیدا کرنا ہوگا، فوزیہ سعید، مہتاز رحمٰن، یاسمین حمید، طاہرہ کاظمی و دیگر کا خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) معروف اہل قلم خواتین نے کہا ہے کہ پاکستانی اردو ادب کو اس لیے نقصان پہنچا ہے کہ اسے عورت اور مرد کے خانوں میں بانٹ دیا گیا ہے، عورت کا خود بولنا، لکھنا اور مزاحمت کے لیے اظہار کرنا یہ خود کسی بھی سماج کے لیے بہت بڑی تبدیلی ہے، اس وقت ڈراموں کے نام پر جو کچھ لکھوایا جا رہا ہے وہ محض کاروبار ہے، یہ ان کی ڈیمانڈ ہے، اس وقت ڈراموں میں عورت کے دکھ کو بیچا جا رہا ہے، ہمیں اپنی بچیوں میں اعتماد پیدا کرنا ہوگا تاکہ ہم انہیں ذرا کر اس قابل بنا سکیں کہ ایک سولہ سال کی بچی بھی دس سالہ بھائی کو لیے بغیر باہر نہیں نکلتی، یہ ہمارے ملک کی بدقسمتی ہے کہ عورت ایک قدم آگے بڑھتی ہے تو اسے دو قدم پیچھے دھکیل دیا جاتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی میں جاری تیرھویں عالمی اردو کانفرنس کے دوسرے روز ساتویں اجلاس "ہمارے ادب اور سماج میں خواتین کا کردار" کے موضوع پر معروف ڈرامہ نگار نور الہدیٰ شاہ، فوزیہ سعید، مہتاز رحمٰن، یاسمین حمید، طاہرہ کاظمی اور ڈاکٹر صغریٰ صدف نے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ نور الہدیٰ نے کہا کہ ایک فرد ایک انسان جس میں یہ اضافی خوبی آجاتی ہے کہ وہ ایک عورت بھی ہے تو وہ پورے سماج کا احاطہ کرتی ہوئی چلتی ہے۔ اس وقت بلوچستان میں خواتین کے حوالے سے اچھی شاعری کی جا رہی ہے اور اس کا بھی ایک پس منظر ہے، جہاں حق تلفی ہو وہاں عورت بہتر مزاحمت کرتے ہوئے اہم کردار ادا کر سکتی ہے۔ فوزیہ سعید نے آن لائن گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ادیبوں کا یہ کام ہے کہ وہ زبان کو نئے معنی اور نئے الفاظ دیں تاکہ بات آسانی سے دوسروں تک پہنچ سکے، اب بھی کئی الفاظ ایسے ہیں جنہیں اردو میں استعمال تو کیا جا رہا ہے مگر وہ لوگوں کے ذہنوں تک نہیں پہنچ پاتے، انہوں نے کہا کہ ہمیں آج کی نشست میں یہ طے کرنا چاہیے کہ ہمیں اپنے ذہنوں کو کھولنا ہے اور ان ذہنوں کو کھولنا اور نئے آسان الفاظ دینا ادیبوں کا ہی کام ہے۔ مہتاز رحمٰن نے کہا کہ لکھنے والا چاہے مرد ہو یا عورت وہ ادب برائے زندگی ہی کی بات کرتا ہے، لکھنے والی خواتین نے ایسے وقت میں کہ جب جبر کے بادل سماج پر چھائے ہوئے تھے بہت خوبصورت تحریریں پیش کی ہیں۔ یاسمین حمید نے آن لائن گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ سو سال کا زمانہ خواتین کی جانب سے ادبی تخلیق کرنے کے حوالے سے انتہائی اہم ہے، خواتین کے لیے وہ وقت بڑا مشکل تھا کہ جب وہ اپنے ناموں سے اپنی تخلیق بھی شائع نہیں کرا سکتی تھیں بعد میں جب رویوں میں تبدیلی آئی اور خواتین اس تبدیلی کو آگے لاتے ہوئے بڑھیں تو ان کے لیے باقاعدہ رسالے شائع ہونا شروع ہوئے۔

Daily JUR'AT جرأت

05 December 2020

# اردو کانفرنس، اردو ناول کی ایک صدی" کے عنوان سے سیشن کا اہتمام

## معروف نقاد ضیاء الحسن سمیت نامور ادیبوں اور نقادوں نے اپنے مقالات پیش کیے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی میں جاری تیرہویں عالمی اردو کانفرنس کے دوسرے روز "اردو ناول کی ایک صدی" کے عنوان سے سیشن کا اہتمام کیا گیا جس میں نامور ادیبوں اور نقادوں نے اپنے خیالات اور مقالات پیش کیے، معروف نقاد ڈاکٹر قاضی عابد نے اردو ناول پر تہذیبی اور سیاسی عناصر پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ماضی میں اردو ناول نگاروں پر تہذیبی اور سیاسی عناصر نمایاں رہے تاہم نئے دور کے ناول نگاروں پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ اس سلسلے کو آگے بڑھائیں۔

نامور نقاد ضیاء الحسن نے لاہور سے آن لائن مقالہ پیش کرتے ہوئے اردو ناول کے ثقافتی سروکار پر سیر حاصل گفتگو کی، انہوں نے کہا کہ وجود کا اظہار ثقافت کے بغیر ناممکن ہے جبکہ ہمارے ناول نگار اپنے ناولوں میں وجود کا عنصر پانے سے قاصر دکھائی دیتے ہیں۔ ناول نگار حمید شاہد نے اردو ناول کے اسلوبی تجربات پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ناول ہمارے پاس مغرب سے آیا تھا ہمارے ناول نگاروں نے مختلف ادوار میں اسلوبی تجربات سے موجودہ شکل میں ڈھالا اور سماجی سدھار میں اہم کردار ادا کیا۔

Daily JURA'AT
جرأت

# 05 December 2020



آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی میں تیرہویں عالمی اردو کانفرنس میں ”تعلیم، ادب اور سماج میں خواتین کا کردار“
سیشن سے عشرت حارث [illegible] خطاب کر رہی ہیں [illegible]

لاہور/راولپنڈی/اسلام آباد/کراچی/پشاور/کوئٹہ/فیصل آباد اور سرگودھا سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اخبار
Daily Nai Baat
روزنامہ نئی بات کراچی
چیف ایڈیٹر: چوہدری عبدالرحمن

05 December 2020




آرٹس کونسل میں عالمی اردو کانفرنس کے سیشن سے ڈاکٹر فاطمہ حسن اظہار خیال کر رہی ہیں، شمع عسکری اور فواد خان بھی موجود ہیں

لاہور/راولپنڈی/اسلام آباد/کراچی/پشاور/کوئٹہ/فیصل آباد/اور سرگودھا سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اخبار
Daily Nai Baat
روزنامہ نئی بات کراچی
چیف ایڈیٹر: چوہدری عبدالرحمن
05 December 2020

# اس وقت ڈراموں میں عورت کے دُکھ کو بیچا جارہا ہے، نورالہدیٰ

## کچھ تجربات صرف عورت کے حصے ہی میں آتے ہیں، فوزیہ سعید، مہناز رحمٰن

کراچی (اسٹاف رپورٹر) معروف اہل قلم خواتین نے کہا ہے کہ پاکستانی اُردو ادب کو اس لیے نقصان پہنچا ہے کہ اسے عورت اور مرد کے خانوں میں بانٹ دیا گیا ہے، عورت کا خود بولنا، لکھنا اور مزاحمت کے لیے اظہار کرنا یہ خود کسی بھی سماج کے لیے بہت بڑی تبدیلی ہے، اس وقت ڈراموں کے نام پر جو کچھ لکھوایا جارہا ہے وہ محض کاروبار ہے، سیٹھ کی ڈیمانڈ ہے، اس وقت ڈراموں میں عورت کے دُکھ کو بیچا جارہا ہے، ہمیں اپنی بچیوں میں اعتماد پیدا کرنا ہوگا نہ کہ ہم انہیں ڈرا کر اس قابل بنائیں کہ ایک سولہ سال کی بچی بھی دس سالہ بھائی کو لیے بغیر باہر نہیں نکلتی، یہ ہمارے ملک کی بدقسمتی ہے کہ عورت ایک قدم آگے بڑھتی ہے تو اسے دو قدم پیچھے دھکیل دیا جاتا ہے، کچھ تجربات صرف عورت کے حصے ہی میں آتے ہیں جن کا اظہار عورت ہی بہتر انداز میں کرسکتی ہے، ان خیالات کا اظہار آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی میں جاری تیرھویں عالمی اردو کانفرنس کے دوسرے روز ساتویں اجلاس ''ہمارے ادب اور سماج میں خواتین کا کردار'' کے موضوع پر معروف ڈرامہ نگار نورالہدیٰ شاہ، فوزیہ سعید، مہناز رحمٰن، یاسمین حمید، طاہرہ کاظمی اور ڈاکٹر صغریٰ صدف نے گفتگو کرتے ہوئے کیا، نورالہدیٰ نے کہا کہ ایک فرد ایک انسان جس میں یہ اضافی خوبی آجاتی ہے کہ وہ ایک عورت بھی ہے تو وہ پورے سماج کا احاطہ کرتی ہوئی چلتی ہے، اس وقت بلوچستان میں خواتین کے حوالے سے اچھی شاعری کی جارہی ہے اور اس کا بھی ایک پس منظر ہے، جہاں حق تلفی ہو وہاں عورت بہتر مزاحمت کرتے ہوئے اہم کردار ادا کرسکتی ہے، انہوں نے کہا کہ سماج چہروں کی تبدیلی کا نام نہیں ہے عورت کا خود بولنا اور مزاحمت کے لیے اظہار اور ناانصافی کے خلاف اس کا کھڑا ہوجانا ایک بڑی تبدیلی ہے، آمرانہ دور میں شاعرات کا بڑا کھلا کردار نظر آتا ہے، ہماری خواتین نے اس زمانے میں بھی بہت اہم کردار ادا کیا، انہوں نے کہا کہ حق تلفی کے مارے ہوئے سماج میں عورتوں کا کردار دیکھ کر بڑی اُمید ہوتی ہے وہ چاہے فہمیدہ ریاض ہوں یا کشور ناہید یا دیگر اہل قلم خواتین یہ سب اپنی اپنی ذمہ داریاں پوری کررہی ہیں، فوزیہ سعید نے آن لائن گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ادیبوں کا یہ کام ہے کہ وہ زبان کو نئے معنی اور نئے الفاظ دیں تاکہ بات آسانی سے دوسروں تک پہنچ سکے، اب بھی کئی الفاظ ایسے ہیں جنہیں اُردو میں استعمال تو کیا جارہا ہے مگر وہ لوگوں کے ذہنوں تک نہیں پہنچ پاتے، انہوں نے کہا کہ ہمیں آج کی نشست میں یہ طے کرنا چاہیے کہ ہمیں اپنے ذہنوں کو کھولنا ہے اور ان ذہنوں کو کھولنا اور نئے آسان الفاظ دینا ادیبوں کا ہی کام ہے، مہناز رحمٰن نے کہا کہ لکھنے والا چاہے مرد ہو یا عورت وہ ادب برائے زندگی ہی کی بات کرتا ہے، لکھنے والی خواتین نے ایسے وقت میں کہ جب جبر کے بادل سماج پر چھائے ہوئے تھے بہت خوبصورت تحریریں پیش کی ہیں، یاسمین حمید نے آن لائن گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ سو سال کا زمانہ خواتین کی جانب سے ادبی تخلیق کرنے کے حوالے سے انتہائی اہم ہے، خواتین کے لیے وہ وقت بڑا مشکل تھا کہ جب وہ اپنے ناموں سے اپنی تخلیق بھی شائع نہیں کراسکتی تھیں بعد میں جب رویوں میں تبدیلی آئی اور خواتین اس تبدیلی کو آگے لاتے ہوئے بڑھیں تو ان کے لیے باقاعدہ رسالے شائع ہونا شروع ہوئے اس ضمن میں محمدی بیگم کا نام بڑا نمایاں ہے کہ انہوں نے خواتین کے لیے رسالہ نکالا جس میں صرف خواتین ہی لکھا کرتی تھیں، انہوں نے کہا کہ جو سو برس پہلے خواتین لکھ رہی تھیں اس وقت ان پر کئی پابندیاں تھیں مگر یہ پابندیاں موجودہ دور میں نہیں ہیں کیونکہ اس وقت مجھ سمیت بے شمار خواتین لکھ رہی ہیں اور ان کی تحریریں شائع بھی ہورہی ہیں اور کتابی صورت میں بھی آرہی ہیں، انہوں نے کہا کہ خواتین نے جو لکھا وہ پورا ایک خزانہ ہے جو ادب میں شامل ہوا جب عورت اپنے مسائل کے بارے میں لکھنا شروع کرتی ہے تو وہ زیادہ شدت اور درد سے لکھے گی کیونکہ وہ مرد کے لہجے کی مرہونِ منت نہیں ہوتی، عورت نے ادب کو بہت کچھ دیا ہے، عورت جب ادب تخلیق کرتی ہے تو وہ اس سے زیادہ محفوظ کرتے ہوئے لکھتی ہے، طاہرہ کاظمی نے کہا کہ تمام داستانوں میں عورت کا کردار مضبوط نظر آتا ہے بات صرف صلاحیت اور برابری کی ہے، ڈاکٹر صغریٰ صدف نے کہا کہ عورت کو یہ خود فیصلہ کرنا ہوگا کہ میں بھی ایک انسان ہوں اور سب کام کرسکتی ہوں زندگی میں عورت کو خوفزدہ ہونے کی ضرورت نہیں ہے بلکہ اس کو اپنا حق لینے کے لیے پُراعتماد بننا پڑے گا، عورت کسی بھی محاذ پر ہار نہیں مانتی جب عورت کامیاب ہوگی تو پاکستان کامیاب ہوگا، عورت کو انکار کرنا سیکھنا چاہیے اور ہر ظلم و زیادتی کے خلاف احتجاج کرنا چاہیے۔

Daily JURM Karachi

05 December 2020



ABC Certified
☆ آواز خلق کو نقارہ خدا سمجھو ☆
DAILY AAJ KI AWAZ KARACHI
روزنامہ
آج کی آواز
کراچی
Regd.No.1663

| جلد نمبر 09 | ہفتہ 05 دسمبر 2020 بمطابق 19 ربیع الثانی 1442ھ | شمارہ 320 |
|---|---|---|

05 December 2020

## آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی کے زیر اہتمام 13ویں عالمی اردو کانفرنس کا انعقاد افتتاحی تقریب

## مہمان خصوصی صوبائی وزیر ثقافت وسیاحت سید سردار علی شاہ، صدر آرٹس کونسل محمد احمد شاہ و دیگر کا خطاب



کراچی (رپورٹ فرحان نیمن) آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی کے زیر اہتمام 13ویں عالمی اردو کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے اہل علم و دانش نے کہا ہے کہ زبان کوئی بھی ہو نفرت نہیں محبت سکھاتی ہے اردو نے پوری دنیا میں محبت کا پیغام ہی پھیلایا ہے۔ ادیبوں اور دانشوروں کو معاشرے کی رہنمائی کرنا چاہئے۔ معاشرے میں ادب پورے سماج کے ساتھ ساتھ چلتا ہے۔ اردو زبان باد نسیم کی طرح سرحدوں کے آر پار چلتی ہے، اردو زبان کی جتنی ترقی اس صدی میں ہوئی پچھلی دو تین صدیوں میں نا ہو سکی۔ اردو زبان کو کچلنے کی جتنی کوشش کی گئی اس نے اتنی ہی ترقی کی۔ پاکستان کی کسی زبان کا اردو کے ساتھ جھگڑا نہیں ہے اردو کانفرنس کا مقصد یہ دکھانا ہے کہ ادیبوں نے اپنی تخلیقات سے معاشرے پر کیا اثر چھوڑا اور آئندہ معاشرے کی رہنمائی کے لئے انہیں کیا کردار ادا کرنا چاہیے۔ مجلس صدارت میں زہرا نگاہ، پیرزادہ قاسم رضا صدیقی، زاہدہ حنا، نورالہدیٰ شاہ، حسینہ معین، پروفیسر سحر انصاری، قدسیہ اکبر، شاہ محمد مری، یوسف خشک جب کہ افتخار عارف، گوپی چند نارنگ اور یاسمین حمید نے وڈیو لنک سے خطاب کیا۔ یہ عالمی اردو کانفرنس آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی کے سوشل میڈیا پر دنیا بھر میں براہ راست دیکھی گئی۔ عالمی اردو کانفرنس کے مہمان خصوصی صوبائی وزیر ثقافت وسیاحت سید سردار علی شاہ نے کہا کہ احمد شاہ کو کریڈٹ جاتا ہے کہ عالمی اردو کانفرنس کی شکل میں حقیقی پاکستان کی تشکیل کی کوشش کی۔ پاکستان کی چار اکائیاں انتظامی نہیں آئینی ہیں جن کی ہزاروں سال پرانی اپنی زبان و ثقافت ہے اور آرٹس کونسل کراچی کی اردو کانفرنس ان ثقافتوں کو جوڑنے کی ہی ایک کڑی ہے یہی خواب پاکستان کی صورت میں ہمارے بزرگوں نے دیکھا تھا۔ انہوں نے کہا کہ سندھ نے کبھی نفرت کی بات نہیں کی سندھ محبت کی سرزمین ہے۔ انہوں نے کہا کہ اردو سب زبانوں سے بنی ہے اور آج زہرا نگاہ کی صدارت میں ساری زبانیں بولنے والے بیٹھے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اردو کے علاوہ تمام قومیتوں کی زبانوں کو بھی قومی زبانیں قرار دینا چاہیے دیگر زبانوں کو قومی زبانیں قرار دینے کا بل دس سالوں سے اسمبلیوں میں موجود ہے ایسا نا ہو کہ ہمیں پچھتانا پڑے۔ بھارت میں تئیس زبانوں کو قومی زبان قرار دے سکتا ہے تو ہم چار زبانوں کو کیوں نہیں، صدر آرٹس کونسل احمد شاہ نے کہا کہ 13 سال پہلے یہ خواب دیکھا تھا جو کامیابی کے ساتھ جاری ہے مگر آج تیرھویں عالمی کانفرنس کے موقع پر رنجیدہ بھی ہیں کیونکہ اس کانفرنس میں بعض وہ لوگ ہمارے ساتھ نہیں ہیں جو گزشتہ اردو کانفرنسز میں موجود تھے، انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات کے تناظر میں زیادہ لوگوں کی شرکت سے اجتناب برتا گیا اور ہمارے بہت سارے ادبا اور شعرا اس عالمی اردو کانفرنس میں وڈیو لنک کے ذریعے کانفرنس میں شامل ہو رہے ہیں کیونکہ ہم اپنی اس روایت کو زندہ رکھنا چاہتے ہیں، انہوں نے کہا پاکستان کی کسی زبان کا بھی اردو سے جھگڑا نہیں ہے بلکہ کچھ لوگ زبان کی بنیاد پر سیاست کرنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا مختلف زبانوں کے دانشوروں کا آپس میں کوئی اختلاف نہیں سوائے نظریات کے، انہوں نے کہا کہ اس اردو کانفرنس کا مقصد یہ ہے کہ مختلف الخیال لوگ آپس میں مل کر بیٹھیں اور ہمیں یہ معلوم ہو سکے کہ فلسفیوں اور ادیبوں نے اپنی تخلیقات سے معاشرے پر کیا اثرات چھوڑے اور آئندہ معاشرے کو بہتر بنانے کے لئے ہمیں کیا کردار ادا کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کورونا ختم ہونے کے بعد قومی ثقافتی کانفرنس بھی منعقد کریں گے۔ جوش ملیح آبادی، احمد فراز، جون ایلیا، صادقین، مہدی حسن، کمال احمد رضوی اور دیگر ادیبوں اور دانشوروں اور فن کاروں کے نام پر آرٹس کونسل کراچی کے مختلف گوشوں کے نام رکھے جا رہے ہیں۔ زہرا نگاہ نے اس موقع پر دنیا بھر میں پھیلی ہوئی موجودہ وبا کورونا کے حوالے سے اپنی دو خوبصورت نظمیں سنائیں، لاہور سے یاسمین حمید نے اپنا کلیدی مقالہ پڑھتے ہوئے کہا کہ ادبی عہد کی کوئی حد نہیں ہوتی 1920 سے 1936 تک کا زمانہ ایک عہد کے اختتام اور دوسرے کے آغاز کا زمانہ ہے، گوپی چند نارنگ نے کہا کہ ادیبوں اور دانشوروں کو معاشرے کی رہنمائی کرنا چاہئے، ادیبوں کی یہ بہت بڑی ذمہ داری ہے کہ وہ معاشرے کے دونوں پہلوؤں کو اپنے قاری تک پہنچائیں، انہوں نے کہا کہ میں بلوچستان میں پیدا ہوا ہوں اور میں نے میٹرک بلوچستان ہی سے کیا ہے، سرائیکی زبان دودھ کی پہلی دھار کی طرح میرے خون میں شامل ہوئی، کراچی آرٹس کونسل جو کام کر رہی ہے وہ پورے برصغیر کے لئے مثال ہے، افتخار عارف نے کہا کہ سب سے پہلے اپنی زبان اور اپنے لوگوں سے محبت کریں۔ پاکستان میں زبانوں کو سیاسی مسئلہ بنایا گیا۔ اردو ادب کی صد سالہ تاریخ میں بہت سے واقعات رونما ہوئے، پروفیسر سحر انصاری نے کہا کہ ادب کو جتنا فروغ اس صدی میں ملا اتنا پہلے کبھی نہیں ملا زبانوں کو پہلے کبھی اتنی توجہ نہیں ملی جتنی اس دور میں مل رہی ہے انسان اور جانوروں کے درمیان فرق نطق اور ادب کا ہے اور ادب سکھانے میں زبانوں نے اپنا کردار ادا کیا ہے۔ ہندوستان کے معروف نقاد و شاعر شمیم حنفی نے کہا کہ ہمارے لیے اپنے اجتماعی ماضی کو قید خانہ بنا لینا ہر لحاظ سے مہلک ہوگا اور ہماری ادبی اور تہذیبی روایت کی تاریخ اور جغرافیہ دونوں کو محدود اور منقسم کرے گا، ادب، ثقافت اور فنون کے ساتھ اقتدار کے مراکز کا سلوک ہر جگہ ایک سا ہے، اس کو بہتر بنانے کی ضرورت ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر پیرزادہ قاسم رضا صدیقی نے کہا کہ یہ اردو کانفرنس نامساعد حالات میں بہترین کارکردگی کا عملی مظاہرہ ہے، ادب انسان اور انسانیت کی فضیلت کی بات کرتا ہے ادب کسی بھی زبان کا ہو انسان کی فضیلت سے جڑا ہوگا نورالہدیٰ شاہ نے کہا کہ ہم برسوں سے نفرت کی وبا میں گھرے ہوئے ہیں اسی وبا سے بیمار ہو کر ہم نے مشرقی پاکستان کھو دیا نفرتوں میں کمی کا علاج صرف ادیبوں، شاعروں اور دانشوروں کے پاس ہے ادیبوں سے درخواست ہے کہ اپنی تخلیقات کے ذریعے نفرت کی آگ بجھائیں، زاہدہ حنا نے کہا کہ سرحدوں پر جنگ کے بادل اور عالمی وبا کے باوجود اردو کانفرنس کا انعقاد خوش آئند ہے پاکستان میں تمام زبانیں بولنے والوں کو ان کا حق ملنا چاہیے۔ شاہ محمد مری نے کہا کہ بلوچستان میں ادب کے فروغ کے لئے کام کر رہے ہیں معاشرے کے سدھار کے لئے ادیبوں اور دانشوروں کو چوبیس گھنٹے کام کرنا ہوگا۔ معروف ادیبہ حسینہ معین نے کہا کہ مجھے اردو زبان سے محبت ہے، اردو ادب کو سو سال ہو چکے ہیں محبت کرنے اور بانٹنے والا کبھی مایوس نہیں ہوتا۔

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED انکشاف سے احتساب تک

روزنامہ فرسٹ نیوز کراچی

چیف ایڈیٹر راؤ محمد جمیل

ایڈیٹر عرض محمد راہوجو

05 December 2020

# اہل قلم خواتین کا آرٹ کونسل میں دوسرے روز بھی خواتین کے کردار پر گفتگو

## کراچی میں جاری تیرھویں اردو کانفرنس کے دوسرے روز "ہمارے ادب اور سماج میں خواتین کا کردار" کے موضوع پر گفتگو

## عورت کسی بھی محاذ پر ہار نہیں مانتی جب عورت کامیاب ہوگی تو پاکستان کامیاب ہوگا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) معروف اہل قلم خواتین نے کہا ہے کہ پاکستانی اردو ادب کو اس لیے نقصان پہنچا ہے کہ اسے عورت اور مرد کے خانوں میں بانٹ دیا گیا ہے، عورت کا خود بولنا، لکھنا اور مزاحمت کے لیے اظہار کرنا یہ خود کسی بھی سماج کے لیے بہت بڑی تبدیلی ہے، اس وقت ڈراموں کے نام پر جو کچھ لکھوایا جارہا ہے وہ محض کاروبار ہے، سیٹھ کی ڈیمانڈ ہے، اس وقت ڈراموں میں عورت کے دکھ کو بیچا جارہا ہے، ہمیں اپنی بچیوں میں اعتماد پیدا کرنا ہوگا نہ کہ ہم انہیں ڈرا کر اس قابل بنائیں کہ ایک سولہ سال کی بچی بھی دس سالہ بھائی کو لیے بغیر باہر نہیں نکلتی، یہ ہمارے ملک کی بدقسمتی ہے کہ عورت ایک قدم آگے بڑھتی ہے تو اسے د

بقیہ نمبر 4 صفحہ نمبر 3

بقیہ 04

وقدم پیچھے دھکیل دیا جاتا ہے، کچھ تجربات صرف عورت کے حصے ہی میں آتے ہیں جن کا اظہار عورت ہی بہتر انداز میں کرسکتی ہے، ان خیالات کا اظہار آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی میں جاری تیرھویں عالمی اردو کانفرنس کے دوسرے روز ساتویں اجلاس "ہمارے ادب اور سماج میں خواتین کا کردار" کے موضوع پر معروف ڈرامہ نگار نور الہدیٰ شاہ، فوزیہ سعید، مہناز رحمن، یاسمین حمید، طاہرہ کاظمی اور ڈاکٹر صغریٰ صدف نے گفتگو کرتے ہوئے کیا، نورالہدیٰ نے کہا کہ ایک فرد ایک انسان جس میں یہ اضافی خوبی آجاتی ہے کہ وہ ایک عورت بھی ہے تو وہ پورے سماج کا احاطہ کرتی ہوئی چلتی ہے، اس وقت بلوچستان میں خواتین کے حوالے سے اچھی شاعری کی جارہی ہے اور اس کا بھی ایک پس منظر ہے، جہاں حق تلفی ہو وہاں عورت بہتر مزاحمت کرتے ہوئے اہم کردار ادا کرسکتی ہے، انہوں نے کہا کہ سماج چہروں کی تبدیلی کا نام نہیں ہے عورت کا خود بولنا اور مزاحمت کے لیے اظہار اور ناانصافی کے خلاف اس کا کھڑا ہوجانا ایک بڑی تبدیلی ہے۔

ABC CERTIFIED
کراچی، نوابشاہ اور اسلام آباد سے شائع ہونیوالا کثیر الاشاعت اخبار
Web: dailyparwan.com
DAILY PARWAN KARACHI
روزنامہ پروان کراچی
چیف ایڈیٹر اے بی راٹھور
ایڈیٹر: رحمٰن ملک
گروپ ایڈیٹر: صابر قریشی
Ph: 021-36450705
Email:parwan1997@gmail.com

| | | |
|---|---|---|
| جلد نمبر 5 | ہفتہ 5 دسمبر 2020ء، 19 ربیع الثانی 1442ھ، (قیمت 10 روپے) | شمارہ نمبر 35 |

# 05 December 2020



آرٹس کونسل کراچی میں اردو کانفرنس میں پیرزادہ قاسم رضا صدیقی اپنے خیالات کا اظہار کررہے ہیں

ABC CERTIFIED

کراچی، نوابشاہ اور اسلام آباد سے شائع ہونیوالا کثیر الاشاعت اخبار

Web: dailyparwan.com

DAILY PARWAN KARACHI

روزنامہ پروان کراچی

چیف ایڈیٹر اے بی راٹھور

ایڈیٹر: رحمٰن ملک

گروپ ایڈیٹر: صابر قریشی

Ph: 021-36450705

Email:parwan1997@gmail.com

رجسٹرڈ نمبر 3316

| | | |
|---|---|---|
| جلد نمبر 5 | ہفتہ 5 دسمبر 2020ء، 19 ربیع الثانی 1442ھ، (قیمت 10 روپے) | شمارہ نمبر 35 |


# 05 December 2020

# آرٹس کونسل میں عالمی اردو کانفرنس، پانچ کتابوں کی رونمائی

## کتابوں کے مصنفین اور تجزیہ نگاروں نے کتابوں سے متعلق اپنی آرا کا اظہار کیا

کراچی (رپورٹر) آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی میں جاری تیرھویں عالمی اردو کانفرنس کے دوسرے روز پانچ کتابوں کی تقریب رونمائی ہوئی جس میں کتابوں کے مصنفین اور تجزیہ نگاروں نے کتابوں سے متعلق اپنی آرا کا اظہار کیا، معروف مصنفہ عذرا عباس کی کتاب اداسی کے گھاو... پر تبصرہ کرتے ہوئے کاشف رضا نے کہا کہ اپنی کلیات میں مصنفہ نے نظم کو نیا رنگ عطا کیا ہے، حمیرا اطلیق کی کتاب گوشہ دل پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے ڈاکٹر فاطمہ حسن

11 باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 23

بقیہ 23

نے کہا کہ مصنفہ نے اپنے خاکوں میں معاشرے کے مختلف پہلو... اور معروف کرداروں کے پوشیدہ رویوں کو اجاگر کیا ہے، اقبال نظر کی کتاب درویش نامہ پر بات کرتے ہوئے معروف دانشور پیر زادہ قاسم نے کہا کہ مصنف نے اپنی کتاب میں انسانی رویوں کو انتہائی خوبی سے لفظوں میں سمویا ہے، پروفیسر سحر انصاری نے ممتاز شاعرہ ہما طاہر کے تیسرے شعری مجموعے اوج کمال کو سراہتے ہوئے کہا کہ شاعرہ نے اس کتاب میں زندگی کے موسموں کو تخلیق کے رنگوں میں پرویا ہے ان کے شعروں میں حب الوطنی کا رنگ بھی پایا جاتا ہے، تقریب رونمائی کی میزبانی آغا شیرازی نے کی۔

ABC CERTIFIED | MEMBER CPNE

سچی اور اصلاحی صحافت کا علمبردار

روزنامہ
# سنوائی کراچی

چیف ایڈیٹر : محمد ضرغام مرزا　　مینیجنگ ایڈیٹر : محمد عرفان قادری

DAILY SUNWAI KARACHI


05 December 2020

# آرٹس کونسل میں تیرہویں عالمی اردو کانفرنس، ''اردو نظم ۔ سو برس کا قصہ''

## خواتین نظم نگار پر سو برس کا طویل قصہ حقیقتاً بہت طویل ہے، ڈاکٹر فاطمہ حسن

کراچی (نامہ نگار) آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی کے زیر اہتمام 13ویں عالمی اردو کانفرنس کے دوسرے روز پہلا اجلاس ''اردو نظم۔ سو برس کا قصہ'' کے عنوان سے منعقد ہوا، اجلاس میں ڈاکٹر فاطمہ حسن نے ''خواتین نظم نگار۔ ایک صدی کا جائزہ''، تنویر انجم نے ''مابعد جدیدیت، نثری نظم اور نئی نسل''، نعمان الحق نے لاہور سے آن لائن ''اردو نظم کے متنوع رنگ'' جبکہ نجیبہ عارف نے اسلام آباد سے آن لائن ''اردو نظم پر نائن الیون کے اثرات'' پر گفتگو کی۔ ڈاکٹر فاطمہ حسن نے ''خواتین نظم نگار۔ ایک صدی کا جائزہ'' پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ خواتین نظم نگار پر سو برس کا طویل قصہ حقیقتاً بہت طویل ہے جس پر بات کرنا دریا کو کوزے میں بند کرنے کے مترادف ہوگا، اس صدی کا یہ عرصہ 1920ء سے شروع ہوتا ہے جس میں خواتین نے اعلیٰ درجے کی شاعری کی، اس صدی کو تجربے کی صدی بھی کہا جا سکتا ہے۔

ABC CERTIFIED | MEMBER CPNE
سچی اور اصلاحی صحافت کا علمبردار
روزنامہ سنوائی کراچی
چیف ایڈیٹر : محمد ضرغام مرزا  مینیجنگ ایڈیٹر : محمد عرفان قادری
DAILY SUNWAI KARACHI
05 December 2020



تیرہویں عالمی اردو کانفرنس میں کتابوں کی رونمائی کے موقع پر پیرزادہ قاسم رضا صدیقی اپنے خیالات کا اظہار کر رہے ہیں

ABC CERTIFIED MEMBER CPNE

سچی اور اصلاحی صحافت کا علمبردار

روزنامہ سنوائی کراچی

چیف ایڈیٹر : محمد ضرغام مرزا   مینیجنگ ایڈیٹر : محمد عرفان قادری

DAILY SUNWAI KARACHI

05 December 2020

# اردو ناول کی ایک صدی کے عنوان سے سیشن کا اہتمام

کراچی (پ ر) آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی میں جاری تیرہویں عالمی اردو کانفرنس کے دوسرے روز "اردو ناول کی ایک صدی" کے عنوان سے سیشن کا اہتمام کیا گیا جس میں نامور ادیبوں اور نقادوں نے اپنے خیالات اور مقالات پیش کیے، معروف نقاد ڈاکٹر قاضی عابد نے اردو ناول پر تہذیبی اور سیاسی عناصر پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ماضی میں اردو ناول نگاروں پر تہذیبی اور سیاسی عناصر نمایاں رہے تاہم نئے دور کے ناول نگاروں پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ اس سلسلے کو آگے بڑھائیں، نامور نقاد ضیاالحسن نے لاہور سے آن لائن مقالہ پیش کرتے ہوئے اردو ناول کے ثقافتی سروکار پر سیر حاصل گفتگو کی، انہوں نے کہا کہ وجود کا اظہار ثقافت کے بغیر ناممکن ہے جبکہ ہمارے ناول نگار اپنے ناولوں میں وجود کا عنصر پانے سے قاصر دکھائی دیتے ہیں، انہوں نے کہا کہ ثقافت کو نمایاں کرنے کے لئے وجود کو نمایاں کیا جانا لازم ہے، ناول نگار حمید شاہد نے اردو ناول کے اسلوبی تجربات پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ناول ہمارے ہاں مغرب سے آیا۔

/Zameen News Tv @ZameenNewsTv Zameen News Tv

روزنامہ زمین کراچی

چیف ایڈیٹر ضیغم رضوی

جلد نمبر 19 | 19 ربیع الثانی ۱۴۴۲ھ 5 دسمبر 2020ء | شمارہ نمبر 275

05 December 2020

# آرٹس کونسل میں 13ویں عالمی اردو کانفرنس جاری

## دوسرے روز اردو نظم "سو برس کا قصہ" کے عنوان پر پروگرام

## ڈاکٹر فاطمہ، تنویر انجم، نعمان الحق، نجیمہ عارف کی گفتگو

کراچی (رپورٹ راحیل بیگ) آرٹس کونسل | باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41

بقیہ 41

### آرٹس کونسل

آف پاکستان کراچی کے زیر اہتمام 13ویں عالمی اردو کانفرنس کے دوسرے روز پہلا اجلاس اردو نظم۔ سو برس کا قصہ کے عنوان سے منعقد ہوا، اجلاس میں ڈاکٹر فاطمہ حسن نے خواتین نظم نگار۔ ایک صدی کا جائزہ، تنویر انجم نے مابعد جدید حسیت، نثری نظم اور نئی نسل، نعمان الحق نے لاہور سے آن لائن اردو نظم کے متنوع رنگ جبکہ نجیبہ عارف نے اسلام آباد سے آن لائن اردو نظم پر نائن الیون کے اثرات پر گفتگو کی۔ ڈاکٹر فاطمہ حسن نے خواتین نظم نگار۔ ایک صدی کا جائزہ پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ خواتین نظم نگار پر سو برس کا طویل قصہ حقیقتاً بہت طویل ہے جس پر بات کرنا دریا کو کوزے میں بند کرنے کے مترادف ہوگا، اس صدی کا یہ عرصہ 1920 سے شروع ہوتا ہے جس میں خواتین نے اعلیٰ درجے کی شاعری کی، اس صدی کو تجربے کی صدی بھی کہا جاسکتا ہے، تقسیم وطن سے پہلے تک نظم کو شاعری میں اہمیت نہیں دی گئی اس دور کی شاعرات کا ذکر صرف تذکروں میں ملتا ہے مگر تاریخ میں نہیں، انہوں نے کہا کہ اردو میں شاعرات نظموں کی طرف زیادہ مائل تھیں، سو برس کی صدی میں جہاں مختلف شاعرات بہت اہم رہیں ان میں زاہدہ خان، رابعہ پنہاں، بلقیس جمال، خورشید آرا بیگم اور دیگر شامل تھیں، ادا جعفری وہ پہلی شاعرہ ہیں جنہوں نے عورت کی شناخت کو اپنی نظموں میں واضح کیا، انہوں نے کہا کہ زہرا نگاہ جدید شاعری کا معتبر حوالہ ہیں ان کی نظموں پر آصف فرخی کی رائے بہت اہم ہے، زہرا نگاہ کی شاعری بہت حساس موضوعات پر ہے اور ان کی یہ سب نظمیں اجتماعی غم کی عکاس ہیں، انہوں نے کہا کہ فہمیدہ ریاض ہمارے عہد کی پہچان بن گئی ہیں انہوں نے بھی اپنے اظہار کے لیے نظم ہی کا راستہ اختیار کیا انہوں نے عورت کو اس کی پوری سچائی اور حقوق سے آگاہ کیا جبکہ کشور ناہید نے اپنی شاعری کے ذریعے ان سماجی رویوں پر اظہار کیا جس میں خواتین کے حقوق غصب کیے گئے 1970 کی دہائی میں شاعرات کی نسل نے تیزی سے آگے بڑھنا شروع کیا جس میں نمایاں نام پروین شاکر کا ہے جنہوں نے اپنے مجموعہ کلام خوشبو سے زبردست شہرت پائی، انہوں نے کہا کہ ثمینہ راجہ اور رخسانہ صبا کی نظموں میں بھی عورت کا بھرپور سماجی اور گھریلو سفر پیش کیا گیا ہے، تنویر انجم نے مابعد جدید حسیت، نثری نظم اور نئی نسل پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نثری نظم لکھنے والوں کی بڑی تعداد موجود ہے جو مختلف موضوعات پر نظمیں کہہ رہے ہیں، ماحولیاتی نظمیں بھی کہی گئی ہیں جو بے کار اشیا کی قدر کرنا سکھاتی ہیں جیسا کہ اس تناظر میں احمد ہمیش نے نظمیں کہی ہیں، نثری نظم اس دور میں ادب کی مقبول صنف بن چکی ہے، انہوں نے کہا کہ قارئین کی نئی نسل میں مختلف لوگ شامل ہیں ان میں وہ لوگ بھی ہیں جن کی زبان اردو ہے اور وہ بھی شامل ہیں جن کی مادری زبان اردو نہیں مگر وہ شاعری میں دلچسپی رکھتے ہیں، انہوں نے کہا کہ اردو نثری نظمیں عمومی طور پر بہت اعلیٰ اور محسور کن ہوتی ہیں ان نظموں کے اثرات ہمارے سماجی اور سیاسی اقدار سے جڑے ہوتے ہیں ہماری نثری نظمیں خواتین کے صنفی امتیاز کی نفی کرتی ہیں اس طرح یہ نظمیں ان خواتین کی زبان اور اظہار بن جاتی ہیں، انہوں نے کہا کہ اردو نثری نظمیں نہ صرف یہ کہ ہمارے طبقاتی نظام پر تبصرہ کرتی ہیں بلکہ یہ دیگر موضوعات کا احاطہ بھی کرتی ہیں تنویر انجم نے تجویز پیش کی کہ اردو نثری نظم کے سیشن منعقد ہوتے رہنا چاہئیں، انہوں نے کہا کہ فکرِ عالمی عمل مقامی کا نعرہ نثری نظم کے شاعروں کا بھی ہے، نعمان الحق نے لاہور سے آن لائن اردو نظم کے متنوع رنگ پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ سو برس میں اردو نظم کی شکل ہی بدل گئی ہے مگر اس صدی کے سفر میں ایک کہکشاں سی نظر آتی ہے انسان کو اس سو برس کی نظم نے کائنات سے جوڑ دیا ہے، اقبال، میراجی اور فیض بڑے بڑے نام ہیں، اقبال نے فطرت اور دستِ انسانی میں ایک تعلق پیدا کیا ہے انہوں نے کہا کہ اقبال پر بات کرنا مشکل بھی ہے کیونکہ جب سورج سر پر چمک رہا ہو تو بھلا بات کیسے کی جاسکتی ہے نعمان الحق نے مختلف شعرا کی نظمیں بھی پڑھ کر سنائیں، نجیبہ عارف نے اسلام آباد سے آن لائن اردو نظم پر نائن الیون کے اثرات پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ شاعری انسان کے انتہائی گہرے اور اندرونی احساسات سے تعلق رکھتی ہے ایک شاعر اندر کی آگ کو چھونے اور اسے اپنے اظہار کے ذریعے باہر لانے کا کام کرتا ہے ملکی حالات پر بات ہو تو شاعر کے اندر کی آگ باہر نکل ہی آتی ہے انہوں نے کہا کہ نائن الیون کے بعد شاعری تین حصوں میں تبدیل ہوگئی یہ وہ نظمیں ہیں جو نائن الیون کے فوراً بعد لکھی گئی ہیں ان نظموں میں اس عمل کو مکافاتِ عمل بھی قرار دیا گیا ہے تو کہیں امریکی پالیسیوں کو تنقید کا نشانہ بھی بنایا گیا ہے، انہوں نے کہا کہ نسیم سید کی نظم بمباری یونس جاوید کی نظم علی بابا کہاں ہو تم اور دیگر شعرا کی نظمیں اس تناظر میں بہت اہم ہیں، کشور ناہید نے تو نائن الیون کے واقعہ پر اپنا پورا مجموعہ شائع کیا ہے جبکہ آفتاب شمیم نے اپنی نظموں میں اس واقع کو ایک عالمی سانحہ کے بجائے انسانی سانحہ کے طور پر محسوس کیا ہے، انہوں نے کہا کہ یہ نظمیں ہزاروں انسانوں کا نوحہ بن جاتی ہیں جبکہ بعض نظموں میں نائن الیون کے واقعہ کا براہِ راست ذکر موجود نہیں ہے مگر اس واقعہ کا تذکرہ ضرور ملتا ہے۔

کراچی، لاہور، راولپنڈی/ اسلام آباد، ملتان اور فیصل آباد سے اشاعت کے لیے منظور شدہ

The Daily 92 News

786
92

روزنامہ 92 نیوز کراچی

05 December 2020






## 13 ویں عالمی اردو کانفرنس کا دوسرا روز

# اُردو نعت، نظم، ناول اور سرائیکی عورت، بلوچی ادب پر سیمینار


**کورونا 19 کی وجہ سے 13 ویں کانفرنس کا ڈیجیٹل انتظام، پانچ نئی اور اہم کتابوں کی تقریب رونمائی بھی منعقد ہوئی**


**مختلف سیشنوں میں ڈاکٹر فاطمہ حسن، محترمہ عابدہ بتول، ڈاکٹر عالیہ امام سمیت کئی دانش وروں نے اظہار خیال کیا**

**احمد شاہ گورننگ باڈی کے ممبران نورالہدای شاہ، ایوب شیخ، سعادت جعفری، کاشف گرامی کے ساتھ موجود رہے**















رپورٹ: بشیر سدوزئی

آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی کے زیر اہتمام 13 ویں عالمی اردو کانفرنس کے دوسرے روز مختلف موضوعات پر دس سیشن منعقد ہوئے۔ پہلا سیشن، اردو نظم۔ سو برس کا قصہ۔ دوسرا سیشن اردو ناول کی ایک صدی۔ تیسرا سیشن نعتیہ اور رثائی ادب کی ایک صدی چوتھا سیشن کتابوں کی رونمائی۔ پانچواں سیشن، سرائیکی تربیت کل، آج تے صباحیں۔ چھٹا سیشن، بلوچی زبان وادب کے سو سال، ساتواں سیشن ہمارے ادب اور سماج میں خواتین کا کردار، آٹھویں سیشن میں، کہانی زندگی سے پہلے۔ نواں سیشن پاکستان میں فنون کی صورت حال اور دسواں پروگرام محفل موسیقی تھا۔ آرٹس کونسل کے صدر محمد احمد شاہ، اپنی گورننگ باڈی کے ممبران، نورالہدای شاہ، سعادت جعفری، ڈاکٹر ایوب شیخ، بشیر سدوزئی، کاشف گرامی، شکیل خان، عمران عمو اور دیگر کے ہمراہ صبح سے رات تک موجود رہے کورونا 19 کی وجہ سے تیرویں کانفرنس ڈیجیٹل ہو رہی ہے جب کے عوام کے لیے بھی داخلہ بند ہے۔ جن مخصوص افراد اور مختصر مندوبین اور میڈیا کو اجازت دی گئی ہے ایس او پی کا خاص خیال رکھا جا رہا ہے۔ پہلا سیشن کا موضوع "اردو نظم۔ سو برس کا قصہ" تھا منعقد ہوا، اجلاس میں ڈاکٹر فاطمہ حسن نے "خواتین نظم نگار۔ ایک صدی کا جائزہ" تنویر انجم نے "مابعد جدید حسیت، نثری نظم اور نئی نسل" نعمان الحق نے لاہور سے آن لائن "اردو نظم کے متنوع رنگ" جبکہ نجیبہ عارف نے اسلام آباد سے آن لائن "اردو نظم پر نائن الیون کے اثرات" پر گفتگو کی۔ ڈاکٹر فاطمہ حسن نے کہا کہ خواتین نظم نگار پر سو برس کا طویل قصہ حقیقتاً بہت طویل ہے جس پر بات کرنا دریا کو کوزے میں بند کرنے کے مترادف ہوگا، اس صدی کا یہ عرصہ 1920ء سے شروع ہوتا ہے جس میں خواتین نے اعلیٰ درجے کی شاعری کی، اس صدی کو تجربے کی صدی بھی کہا جاسکتا ہے تقسیم وطن سے پہلے تک نظم کو شاعری میں اہمیت نہیں دی گئی اس دور کی شاعرات کا ذکر صرف تذکروں میں ملتا ہے مگر تاریخ میں نہیں، انہوں نے کہا کہ اردو میں شاعرات نظموں کی طرف زیادہ مائل تھیں، سو برس کی صدی میں جہاں مختلف شاعرات بہت اہم رہیں ان میں زاہدہ خان، رابعہ پنہاں، بلقیس جمال، خورشید آرا بیگم اور دیگر شامل تھیں، ادا جعفری وہ پہلی شاعرہ ہیں جنہوں نے عورت کی شناخت کو اپنی نظموں میں واضح کیا، انہوں نے کہا کہ زہرا نگاہ جدید شاعری کا معتبر حوالہ ہیں ان کی نظموں پر آصف فرخی کی رائے بہت اہم ہے، زہرا نگاہ کی شاعری بہت حساس موضوعات پر ہے اور ان کی یہ سب نظمیں اجتماعی غم کی عکاس ہیں، فاطمہ جو خود بھی شاعرہ ہیں نے کہا کہ فہمیدہ ریاض ہمارے عہد کی پہچان بن گئی ہیں انہوں نے بھی اپنے اظہار کے لیے نظم ہی کا راستہ اختیار کیا اور عورت کو اس کی پوری سچائی اور حقوق سے آگاہ کیا جبکہ کشور ناہید نے اپنی شاعری کے ذریعے ان سماجی رویوں پر اظہار کیا جس میں خواتین کے حقوق غصب کیے گئے 1970ء کی دہائی میں شاعرات کی نسل نے تیزی سے آگے بڑھنا شروع کیا جس میں نمایاں نام پروین شاکر کا ہے جنہوں نے اپنے مجموعہ کلام "خوشبو" سے زبردست شہرت پائی۔

"اردو ناول کی ایک صدی" کے عنوان سے دوسرا سیشن سوا بارہ بجے شروع ہوا جو ایک گھنٹہ جاری رہا جس میں نامور ادیبوں اور نقادوں نے اپنے خیالات اور مقالات پیش کیے، معروف نقاد ڈاکٹر قاضی عابد نے اردو ناول پر تہذیبی اور سیاسی عناصر پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ماضی میں اردو ناول نگاروں پر تہذیبی اور سیاسی عناصر نمایاں رہے تاہم نئے دور کے ناول نگاروں پر یہ ذمہداری عائد ہوتی ہے کہ اس سلسلے کو آگے بڑھائیں، نامور نقاد ضیاالحسن نے لاہور سے آن لائن مقالہ پیش کرتے ہوئے اردو ناول کے ثقافتی سروکار پر سیر حاصل گفتگو کی، انہوں نے کہا کہ وجود کا اظہار ثقافت کے بغیر ناممکن ہے جبکہ ہمارے ناول نگار اپنے ناولوں میں وجود کا عنصر پانے سے قاصر دکھائی دیتے ہیں، انہوں نے کہا کہ ثقافت کو نمایاں کرنے کے لئے وجود کو نمایاں کیا جانا لازم ہے، ناول نگار حمید شاہد نے اردو ناول کے اسلوبی تجربات پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ناول ہمارے ہاں مغرب سے آیا جسے ہمارے ناول نگاروں نے مختلف ادوار میں اسلوبی تجربات سے موجودہ شکل میں ڈھالا اور سماجی سدھار میں اہم کردار ادا کیا، سیشن کی نظامت کے فرائض کاشف رضا نے ادا کیے۔

(بقیہ نمبر 1۔ صفحہ 5 پر)

روزنامہ دُنیا
05 December 2020

# بغیر تحقیق کام ڈراموں کی ناکامی کی وجہ ہے ، حسینہ معین

5 December, 2020

## پرفارمنگ آرٹ کیلئے تقریر اور اظہار کی آزادی ضروری ہے ، شیما کرمانی ، آرٹ روح پر جمی گرد صاف کرتا ہے ، شاہد رسام ، امجد شاہ ودیگر کا خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی کے زیر اہتمام 13 ویں عالمی اردو کانفرنس کے دوسرے روز نویں اجلاس پاکستان میں فنون کی صورت حال پر فنون لطیفہ کی مختلف اصناف سے تعلق رکھنے والی شخصیات حسینہ معین، شیما کرمانی، شاہد رسام، امجد شاہ، بی گل اور کاشف گرامی نے اپنے خیالات کا اظہار کیا جبکہ نظامت کے فرائض عظمیٰ الکریم نے انجام دیے۔ معروف ڈرامہ رائٹر حسینہ معین نے کہاکہ آج کل ڈراموں کی ناکامی کی وجہ یہ ہے کہ بغیر تحقیق کے کام ہورہا ہے، لوگ یہ نہیں سوچتے کہ کس طرح کے کردار سے کس طرح کے مکالمے کہلوانے چاہئیں، آج کے دور میں ڈرامے کی خرابی اس کا کمرشلائزڈ ہونا ہے۔ معروف کلاسیکل رقاصہ شیما کرمانی نے کہاکہ پرفارمنگ آرٹ کے لیے یہ انتہائی ضروری ہے کہ تقریر اور اظہار کی آزادی ہو، جو ہمیں یسر ہی نہیں ہے، اس لیے یہ آرٹ آگے نہیں بڑھ رہا، کلاسیکل آرٹ کا آگے بڑھنا بڑا مسئلہ ہے کیونکہ اسے پروموٹ ہی نہیں کیا جارہا۔ شاہد رسام نے کہاکہ سافٹ امیج پیدا کرنے کا کام آرٹ کا نہیں ہے، آرٹ آپ کی روح پر جمی گرد کو صاف کرتا ہے تب ہی آپ ایک بہتر سماج اور سوسائٹی بنتے ہیں۔ امجد شاہ نے کہاکہ ماضی میں ہم نے ایک عرصے تک ہر شعبے میں کمالات دکھائے ہیں، پی ٹی وی پر پائل کے نام سے پروگرام بھی چلتا تھا، آج کی نسل تو کئی بڑے فنکاروں کو جانتی بھی نہیں ہے۔

Baaghi TV

05 December 2020

# کراچی آرٹس کونسل میں تیرہویں عالمی اردو کانفرنس




آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی میں تیرہویں عالمی اردو کانفرنس کے دوسرے روز ''پانچ کتابوں کی رونمائی'' کی گئی

کراچی آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی میں جاری تیرھویں عالمی اردو کانفرنس کے دوسرے روز پانچ کتابوں کی تقریب رونمائی ہوئی جس میں کتابوں کے مصنفین اور تجزیہ نگاروں نے کتابوں سے متعلق اپنی آرا کا اظہار کیا، معروف مصنفہ عذرا عباس کی کتاب ''اداسی کے گھاؤ'' پر تبصرہ کرتے ہوئے کاشف رضا نے کہا کہ اپنی کلیات میں مصنفہ نے نظم کو نیا رنگ عطا کیا ہے ،

حمیرا خلیق کی کتاب ''گوشہ دل'' پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے ڈاکٹر فاطمہ حسن نے کہا کہ مصنفہ نے اپنے خاکوں میں معاشرے کے مختلف پہلوؤں اور معروف کرداروں کے پوشیدہ رویوں کو اجاگر کیا ہے، اقبال نظر کی کتاب ''درویش نامہ'' پر بات کرتے ہوئے

معروف دانشور پیرزادہ قاسم نے کہا کہ مصنف نے اپنی کتاب میں انسانی رویوں کو انتہائی خوبی سے لفظوں میں سمویا ہے ، پروفیسر سحر انصاری نے ممتاز شاعرہ ہما طاہر کے تیسرے شعری مجموعے ''اوج کمال'' کو سراہتے ہوئے کہا کہ شاعرہ نے اس کتاب میں زندگی کے موسموں کو تخلیق کے رنگوں میں پرویا ہے ان کے شعروں میں حب الوطنی کا رنگ بھی پایا جاتا ہے، تقریب رونمائی کی میزبانی آغا شیرازی نے کی۔

خلق خدا کی حفاظت بذریعہ صحافت
DAILY HIFAZAT KARACHI
REG-3154
روزنامہ حفاظت کراچی
جلد نمبر 09 | ہفتہ 05 دسمبر 2020 بمطابق 19 ربیع الثانی 1442ھ | شمارہ 320

05 December 2020

## آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی کے زیر اہتمام 13ویں عالمی اردو کانفرنس کا انعقاد افتتاحی تقریب

### مہمان خصوصی صوبائی وزیر ثقافت وسیاحت سید سردار علی شاہ، صدر آرٹس کونسل محمد احمد شاہ و دیگر کا خطاب



کراچی (رپورٹ: فرحان میمن) آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی کے زیر اہتمام 13ویں عالمی اردو کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے اہل علم و دانش نے کہا ہے کہ زبان کوئی بھی ہو نفرت نہیں محبت سکھاتی ہے اردو نے پوری دنیا میں محبت کا پیغام ہی پھیلایا ہے۔ ادیبوں اور دانشوروں کو معاشرے کی رہنمائی کرنا چاہئے۔ معاشرے میں ادب پورے سماج کے ساتھ ساتھ چلتا ہے۔ اردو زبان باد نسیم کی طرح سرحدوں کے آر پار چلتی ہے، اردو زبان کی جتنی ترقی اس صدی میں ہوئی پچھلی دو تین صدیوں میں نا ہو سکی۔ اردو زبان کو کچلنے کی جتنی کوشش کی گئی اس نے اتنی ہی ترقی کی۔ پاکستان کی کسی زبان کا اردو کے ساتھ جھگڑا نہیں ہے اردو کانفرنس کا مقصد یہ دکھانا ہے کہ ادیبوں نے اپنی تخلیقات سے معاشرے پر کیا اثر چھوڑا اور آئندہ معاشرے کی رہنمائی کے لئے انہیں کیا کردار ادا کرنا چاہیے۔ مجلس صدارت میں زہرا نگاہ، پیر زادہ قاسم رضا صدیقی، زاہدہ حنا، نورالہدیٰ شاہ، حسینہ معین، پروفیسر سحر انصاری، قدسیہ اکبر، شاہ محمد مری، یوسف خشک جب کہ افتخار عارف، گوپی چند نارنگ اور یاسمین حمید نے ویڈیو لنک سے خطاب کیا۔ یہ عالمی اردو کانفرنس آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی کے سوشل میڈیا پر دنیا بھر میں براہ راست دیکھی گئی۔ عالمی اردو کانفرنس کے مہمان خصوصی صوبائی وزیر ثقافت وسیاحت سید سردار علی شاہ نے کہا کہ احمد شاہ کو کریڈٹ جاتا ہے کہ عالمی اردو کانفرنس کی شکل میں حقیقی پاکستان کی تشکیل کی کوشش کی۔ پاکستان کی چار اکائیاں انتظامی نہیں آئینی ہیں جن کی ہزاروں سال پرانی اپنی زبان و ثقافت ہے اور آرٹس کونسل کراچی کی اردو کانفرنس ان ثقافتوں کو جوڑنے کی ہی ایک کڑی ہے یہی خواب پاکستان کی صورت میں ہمارے بزرگوں نے دیکھا تھا۔ انہوں نے کہا کہ سندھ نے کبھی نفرت کی بات نہیں کی سندھ محبت کی سرزمین ہے۔ انہوں نے کہا کہ اردو سب زبانوں سے بنی ہے اور آج زہرا نگاہ کی صدارت میں ساری زبانیں بولنے والے بیٹھے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اردو کے علاوہ تمام قومیتوں کی زبانوں کو بھی قومی زبانیں قرار دینا چاہئے دیگر زبانوں کو قومی زبانیں قرار دینے کا بل دس سالوں سے اسمبلیوں میں موجود ہے ایسا نا ہو کہ ہمیں پچھتانا پڑے، بھارت چھبیس زبانوں کو قومی زبان قرار دے سکتا ہے تو ہم چار زبانوں کو کیوں نہیں، صدر آرٹس کونسل احمد شاہ نے کہا کہ 13 سال پہلے یہ خواب دیکھا تھا جو کامیابی کے ساتھ جاری ہے مگر آج تیرہویں عالمی کانفرنس کے موقع پر رنجیدہ بھی ہیں کیونکہ اس کانفرنس میں بعض وہ لوگ ہمارے ساتھ نہیں ہیں جو گزشتہ اردو کانفرنسز میں موجود تھے، انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات کے تناظر میں زیادہ لوگوں کی شرکت سے اجتناب برتا گیا اور ہمارے بہت سارے ادبا اور شعرا اس عالمی اردو کانفرنس میں ویڈیو لنک کے ذریعے کانفرنس میں شامل ہو رہے ہیں کیونکہ ہم اپنی اس روایت کو زندہ رکھنا چاہتے ہیں، انہوں نے کہا پاکستان کی کسی زبان کا بھی اردو سے جھگڑا نہیں ہے بلکہ کچھ لوگ زبان کی بنیاد پر سیاست کرنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا مختلف زبانوں کے دانشوروں کا آپس میں کوئی اختلاف نہیں سوائے نظریات کے، انہوں نے کہا کہ اس اردو کانفرنس کا مقصد یہ ہے کہ مختلف الخیال لوگ آپس میں مل کر بیٹھیں اور ہمیں یہ معلوم ہو سکے کہ کن شخصیتوں اور ادیبوں نے اپنی تخلیقات سے معاشرے پر کیا اثرات چھوڑے اور آئندہ معاشرے کو بہتر بنانے کے لئے ہمیں کیا کردار ادا کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کورونا ختم ہونے کے بعد قومی ثقافتی کانفرنس بھی منعقد کریں گے۔ جوش ملیح آبادی، صادقین، مہدی حسن، کمال احمد رضوی اور دیگر ادیبوں اور دانشوروں اور فن کاروں کے نام پر آرٹس کونسل کراچی کے مختلف گوشوں کے نام رکھے جا رہے ہیں۔ زہرا نگاہ نے اس موقع پر دنیا بھر میں پھیلی ہوئی موجودہ وبا کرونا کے حوالے سے اپنی دو خوبصورت نظمیں سنائیں، لاہور سے یاسمین حمید نے اپنا کلیدی مقالہ پڑھتے ہوئے کہا کہ ادبی عہد کی کوئی حد نہیں ہوتی 1920 سے 1936 تک کا زمانہ ایک عہد کے اختتام اور دوسرے کے آغاز کا زمانہ ہے، گوپی چند نارنگ نے کہا کہ ادیبوں اور دانشوروں کو معاشرے کی رہنمائی کرنا چاہئے، ادیبوں کی یہ بہت بڑی ذمہ داری ہے کہ وہ معاشرے کے دونوں پہلوؤں کو اپنے قاری تک پہنچائیں، انہوں نے کہا کہ میں بلوچستان میں پیدا ہوا ہوں اور میں نے میٹرک بلوچستان ہی سے کیا ہے، سرائیکی زبان دودھ کی پہلی دھار کی طرح میرے خون میں شامل ہوئی، کراچی آرٹس کونسل جو کام کر رہی ہے وہ پورے برصغیر کے لئے مثال ہے، افتخار عارف نے کہا کہ سب سے پہلے اپنی زبان اور اپنے لوگوں سے محبت کریں۔ پاکستان میں زبانوں کو سیاسی مسئلہ بنایا گیا۔ اردو ادب کی صد سالہ تاریخ میں بہت سے واقعات رونما ہوئے، پروفیسر سحر انصاری نے کہا کہ ادب کو جتنا فروغ اس صدی میں ملا اتنا پہلے کبھی نہیں ملا زبانوں کو پہلے کبھی اتنی توجہ نہیں ملی جتنی اس دور میں مل رہی ہے انسان اور جانوروں کے درمیان فرق محض ادب کا ہے اور ادب سکھانے میں زبانوں نے اپنا کردار ادا کیا ہے۔ ہندوستان کے معروف نقاد و شاعر شمیم حنفی نے کہا کہ ہمارے لیے اپنے اجتماعی ماضی کو قید خانہ بنا لینا ہر لحاظ سے مہلک ہوگا اور ہماری ادبی اور تہذیبی روایت کی تاریخ اور جغرافیے دونوں کو محدود اور منقسم کرے گا، ادب، ثقافت اور فنون کے ساتھ اقتدار کے مراکز کا سلوک ہر جگہ ایک سا ہے، اس کو بہتر بنانے کی ضرورت ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر پیرزادہ قاسم رضا صدیقی نے کہا کہ یہ اردو کانفرنس نامساعد حالات میں بہترین کارکردگی کا عملی مظاہرہ ہے، ادب انسان اور انسانیت کی فضیلت کی بات کرتا ہے ادب کسی بھی زبان کا ہو انسان کی فضیلت سے جڑا ہوگا، نورالہدیٰ شاہ نے کہا کہ ہم برسوں سے نفرت کی وبا میں گھرے ہوئے ہیں اسی وبا سے بیمار ہو کر ہم نے مشرقی پاکستان کھو دیا نفرتوں میں کمی کا علاج صرف ادیبوں، شاعروں اور دانشوروں کے پاس ہے ادیبوں سے درخواست ہے کہ اپنی تخلیقات کے ذریعے نفرت کی آگ بجھائیں، زاہدہ حنا نے کہا کہ سرحدوں پر جنگ کے بادل اور عالمی وبا کے باوجود اردو کانفرنس کا انعقاد خوش آئند ہے پاکستان میں تمام زبانیں بولنے والوں کو ان کا حق ملنا چاہئے۔ شاہ محمد مری نے کہا کہ بلوچستان میں ادب کے فروغ کے لئے کام کر رہے ہیں معاشرے کے سدھار کے لئے ادیبوں اور دانشوروں کو چوبیس گھنٹے کام کرنا ہوگا۔ معروف ادیبہ حسینہ معین نے کہا کہ مجھے اردو زبان سے محبت ہے، اردو ادب کو سو سال ہو چکے ہیں محبت کرنے اور بانٹنے والا کبھی مایوس نہیں ہوتا۔

اعلیٰ صحافتی اقدار کا علمبردار ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
Daily HURRIYAT Karachi
روزنامہ حریت کراچی
جلد نمبر 59 | ہفتہ 05 دسمبر 2020 بمطابق 19 ربیع الثانی 1442ھ | شمارہ 320

05 December 2020

## آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی کے زیر اہتمام 13ویں عالمی اردو کانفرنس کا انعقاد افتتاحی تقریب

### مہمان خصوصی صوبائی وزیر ثقافت وسیاحت سید سردار علی شاہ، صدر آرٹس کونسل محمد احمد شاہ و دیگر کا خطاب



کراچی (رپورٹ فرحان میمن) آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی کے زیر اہتمام 13ویں عالمی اردو کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے اہل علم و دانش نے کہا ہے کہ زبان کوئی بھی ہو نفرت نہیں محبت سکھاتی ہے اردو نے پوری دنیا میں محبت کا پیغام ہی پھیلایا ہے۔ ادیبوں اور دانشوروں کو معاشرے کی رہنمائی کرنا چاہیے۔ معاشرے میں ادب پورے سماج کے ساتھ ساتھ چلتا ہے۔ اردو زبان باد نسیم کی طرح سرحدوں کے آر پار چلتی ہے، اردو زبان کی جتنی ترقی اس صدی میں ہوئی پچھلی دو تین صدیوں میں نا ہوگی۔ اردو زبان کو کچلنے کی جتنی کوشش کی گئی اس نے اتنی ہی ترقی کی۔ پاکستان کی کسی زبان کا اردو کے ساتھ جھگڑا نہیں ہے اردو کانفرنس کا مقصد یہ دکھانا ہے کہ ادیبوں نے اپنی تخلیقات سے معاشرے پر کیا اثر چھوڑا اور آئندہ معاشرے کی رہنمائی کے لئے انہیں کیا کردار ادا کرنا چاہیے۔ مجلس صدارت میں زہرا نگاہ، پیر زادہ قاسم رضا صدیقی، زاہدہ حنا، نورالہدیٰ شاہ، حسینہ معین، پروفیسر سحر انصاری، قدسیہ اکبر، شاہ محمد مری، یوسف خشک جب کہ افتخار عارف، گوپی چند نارنگ اور یاسمین حمید نے ویڈیو لنک سے خطاب کیا۔ یہ عالمی اردو کانفرنس آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی کے سوشل میڈیا پر دنیا بھر میں براہ راست دیکھی گئی۔ عالمی اردو کانفرنس کے مہمان خصوصی صوبائی وزیر ثقافت وسیاحت سید سردار علی شاہ نے کہا کہ احمد شاہ کو کریڈٹ جاتا ہے کہ عالمی اردو کانفرنس کی شکل میں حقیقی پاکستان کی تشکیل کی کوشش کی۔ پاکستان کی چار اکائیاں اتفاقاً نہیں آ گئی ہیں جن کی ہزاروں سال پرانی اپنی زبان و ثقافت ہے اور آرٹس کونسل کراچی کی اردو کانفرنس ان ثقافتوں کو جوڑنے کی ہی ایک کڑی ہے یہی خواب پاکستان کی صورت میں ہمارے بزرگوں نے دیکھا تھا۔ انہوں نے کہا کہ سندھ نے کبھی نفرت کی بات نہیں کی سندھ محبت کی سرزمین ہے۔ انہوں نے کہا کہ اردو سب زبانوں سے بنی ہے اور آج زہرا نگاہ کی صدارت میں ساری زبانیں بولنے والے بیٹھے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اردو کے علاوہ تمام قومیتوں کی زبانوں کو بھی قومی زبانیں قرار دینا چاہیے دیگر زبانوں کو قومی زبانیں قرار دینے کا بل دس سالوں سے اسمبلیوں میں موجود ہے ایسا نہ ہو کہ ہمیں پچھتانا پڑے، بھارت چھبیس زبانوں کو قومی زبان قرار دے سکتا ہے تو ہم چار زبانوں کو کیوں نہیں۔ صدر آرٹس کونسل احمد شاہ نے کہا کہ 13 سال پہلے یہ خواب دیکھا تھا جو کامیابی کے ساتھ جاری ہے مگر آج تیرہویں عالمی کانفرنس کے موقع پر رنجیدہ بھی ہیں کیونکہ اس کانفرنس میں بعض وہ لوگ ہمارے ساتھ نہیں ہیں جو گزشتہ اردو کانفرنسز میں موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات کے تناظر میں زیادہ لوگوں کی شرکت سے اجتناب برتا گیا اور ہمارے بہت سارے ادبا اور شعرا اس عالمی اردو کانفرنس میں ویڈیو لنک کے ذریعے کانفرنس میں شامل ہو رہے ہیں کیونکہ ہم اپنی اس روایت کو زندہ رکھنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا پاکستان کی کسی زبان کا بھی اردو سے جھگڑا نہیں ہے بلکہ کچھ لوگ زبان کی بنیاد پر سیاست کرنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا مختلف زبانوں کے دانشوروں کا آپس میں کوئی اختلاف نہیں سوائے نظریات کے۔ انہوں نے کہا کہ اس اردو کانفرنس کا مقصد یہ ہے کہ مختلف الخیال لوگ آپس میں مل کر بیٹھیں اور ہمیں یہ معلوم ہو سکے کہ فلسفیوں اور ادیبوں نے اپنی تخلیقات سے معاشرے پر کیا اثرات چھوڑے اور آئندہ معاشرے کو بہتر بنانے کے لئے ہمیں کیا کردار ادا کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کورونا ختم ہونے کے بعد قومی ثقافتی کانفرنس بھی منعقد کریں گے۔ جوش ملیح آبادی، صادقین، مہدی حسن، کمال احمد رضوی اور دیگر ادیبوں اور دانشوروں اور فن کاروں کے نام پر آرٹس کونسل کراچی کے مختلف گوشوں کے نام رکھے جا رہے ہیں۔ زہرا نگاہ نے اس موقع پر دنیا بھر میں پھیلی ہوئی موجودہ وبا کورونا کے حوالے سے اپنی دو خوبصورت نظمیں سنائیں، لاہور سے یاسمین حمید نے اپنا کلیدی مقالہ پڑھتے ہوئے کہا کہ ادبی عہد کی کوئی حد نہیں ہوتی 1920 سے 1936 تک کا زمانہ ایک عہد کے اختتام اور دوسرے کے آغاز کا زمانہ ہے، گوپی چند نارنگ نے کہا کہ ادیبوں اور دانشوروں کو معاشرے کی رہنمائی کرنا چاہیے، ادیبوں کی یہ بہت بڑی ذمہ داری ہے کہ وہ معاشرے کے دونوں پہلوؤں کو اپنے قاری تک پہنچائیں، انہوں نے کہا کہ میں بلوچستان میں پیدا ہوا ہوں اور میں نے میٹرک بلوچستان ہی سے کیا ہے، سرائیکی زبان دودھ کی پہلی دھار کی طرح میرے خون میں شامل ہوئی، کراچی آرٹس کونسل جو کام کر رہی ہے وہ پورے برصغیر کے لئے مثال ہے، افتخار عارف نے کہا کہ سب سے پہلے اپنی زبان اور اپنے لوگوں سے محبت کریں۔ پاکستان میں زبانوں کو سیاسی مسئلہ بنایا گیا۔ اردو ادب کی صد سالہ تاریخ میں بہت سے واقعات رونما ہوئے، پروفیسر سحر انصاری نے کہا کہ ادب کو جتنا فروغ اس صدی میں ملا اتنا پہلے کبھی نہیں ملا زبانوں کو پہلے کبھی اتنی توجہ نہیں ملی جتنی اس دور میں مل رہی ہے انسان اور جانوروں کے درمیان فرق محض ادب کا ہے اور ادب سکھانے میں زبانوں نے اپنا کردار ادا کیا ہے۔ ہندوستان کے معروف نقاد و شاعر شمیم حنفی نے کہا کہ ہمارے لیے اپنے اجتماعی ماضی کو قید خانہ بنا لینا ہر لحاظ سے مہلک ہوگا اور ہماری ادبی اور تہذیبی روایت کی تاریخ اور جغرافیہ دونوں کو محدود اور منقسم کر دے گا۔ ادب، ثقافت اور فنون کے ساتھ اقتدار کے مراکز کا سلوک ہر جگہ ایک سا ہے، اس کو بہتر بنانے کی ضرورت ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر پیرزادہ قاسم رضا صدیقی نے کہا کہ یہ اردو کانفرنس نامساعد حالات میں بہترین کارکردگی کا عملی مظاہرہ ہے، ادب انسان اور انسانیت کی فضیلت کی بات کرتا ہے ادب کسی بھی زبان کا ہو انسان کی فضیلت سے جڑا ہوگا۔ نورالہدیٰ شاہ نے کہا کہ ہم برسوں سے نفرت کی وبا میں گھرے ہوئے ہیں اسی وبا سے بیمار ہو کر ہم نے مشرقی پاکستان کھو دیا نفرتوں میں کمی کا علاج صرف ادیبوں، شاعروں اور دانشوروں کے پاس ہے ادیبوں سے درخواست ہے کہ اپنی تخلیقات کے ذریعہ نفرت کی آگ بجھائیں، زاہدہ حنا نے کہا کہ سرحدوں پر جنگ کے بادل اور عالمی وبا کے باوجود اردو کانفرنس کا انعقاد خوش آئند ہے پاکستان میں تمام زبانیں بولنے والوں کو ان کا حق ملنا چاہیے۔ شاہ محمد مری نے کہا کہ بلوچستان میں ادب کے فروغ کے لئے کام کر رہے ہیں معاشرے کے سدھار کے لئے ادیبوں اور دانشوروں کو چوبیس گھنٹے کام کرنا ہوگا۔ معروف ادیبہ حسینہ معین نے کہا کہ مجھے اردو زبان سے محبت ہے، اردو ادب کو سو سال ہو چکے ہیں محبت کرنے اور بانٹنے والا کبھی مایوس نہیں ہوتا۔

Business Link International
بزنس لنک انٹرنیشنل

05 December 2020

# اردو نے پوری دنیا میں محبت کا پیغام ہی پھیلایاہے



کراچی(عبدالستار مندرہ) آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی کے زیر اہتمام 13ویں عالمی اردو کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے اہل علم و دانش نے کہا ہے کہ زبان کوئی بھی ہو نفرت نہیں محبت سکھاتی ہے اردو نے پوری دنیا میں محبت کا پیغام ہی پھیلایاہے۔ ادیبوں اور دانشوروں کو معاشرے کی رہنمائی کرنا چاہئے۔ معاشرے میں ادب پورے سماج کے ساتھ ساتھ چلتا ہے۔ اردو زبان باد نسیم کی طرح سرحدوں کے آر پار چلتی ہے، اردو زبان کی جتنی ترقی اس صدی میں ہوئی پچھلی دو تین صدیوں میں نا ہوسکی۔ اردو زبان کو کچلنے کی جتنی کوشش کی گئی اس نے اتنی ہی ترقی کی۔ پاکستان کی کسی زبان کا اردو کے ساتھ جھگڑا نہیں ہے اردو کانفرنس کا مقصد یہ دکھانا ہے کہ ادیبوں نے اپنی تخلیقات سے معاشرے پر کیا اثر چھوڑا اور آئندہ معاشرے کی رہنمائی کے لئے انہیں کیا کردار ادا کرنا چاہیے۔مجلس صدارت میں زہرا نگاہ،پیر زادہ قاسم رضا صدیقی، زاہدہ حنا ،نورالہدیٰ شاہ، حسینہ معین،پروفیسر سحر انصاری، قدسیہ اکبر،شاہ محمد مری، یوسف خشک جب کہ افتخار عارف، گوپی چند نارنگ اور یاسمین حمید نے ویڈیو لنک سے خطاب کیا۔ یہ عالمی اُردو کانفرنس آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی کے سوشل میڈیا پر دنیا بھر میں براہ راست دیکھی گئی۔ عالمی اُردو کانفرنس کے مہمان خصوصی صوبائی وزیر ثقافت وسیاحت سید سردار علی شاہ نے کہا کہ احمد شاہ کو کریڈٹ جاتا ہے کہ عالمی اردو کانفرنس کی شکل میں حقیقی پاکستان کی تشکیل کی کوشش کی۔ پاکستان کی چار اکائیاں انتظامی نہیں آئینی ہیں جن کی ہزاروں سال پرانی اپنی زبان و ثقافت ہے اور آرٹس کونسل کراچی کی اُردو کانفرنس ان ثقافتوں کو جوڑنے کی ہی ایک کڑی ہے یہی خواب پاکستان کی صورت میں ہمارے بزرگوں نے دیکھا تھا۔ انہوں نے کہا کہ سندھ نے کبھی نفرت کی بات نہیں کی سندھ محبت کی سرزمین ہے۔انہوں نے کہاکہ اردو سب زبانوں سے بنی ہے اور آج زہرا نگاہ کی صدارت میں ساری زبانیں بولنے والے بیٹھے ہیں۔ انہوں نے کہاکہ اردو کے علاوہ تمام قومیتوں کی زبانوں کو بھی قومی زبانیں قرار دینا چاہئے دیگر زبانوں کو قومی زبانیں قرار دینے کا بل دس سالوں سے اسمبلیوں میں موجود ہے ایسا نا ہو کہ ہمیں پچھتانا پڑے، بھارت چھبیس زبانوں کو قومی زبان قرار دے سکتا ہے تو ہم چار زبانوں کو کیوں نہیں،صدر آرٹس کونسل احمد شاہ نے کہا کہ 13 سال پہلے یہ خواب دیکھا تھاجو کامیابی کے ساتھ جاری ہے مگر آج تیرھویں عالمی کانفرنس کے موقع پر رنجیدہ بھی ہیں کیونکہ اس کانفرنس میں بعض وہ لوگ ہمارے ساتھ نہیں ہیں جو گزشتہ اُردو کانفرنسز میں موجود تھے،انہوں نے کہاکہ موجودہ حالات کے تناظر میں زیادہ لوگوں کی شرکت سے اجتناب برتا گیا اور ہمارے بہت سارے ادباءاور شعراءاس عالمی اُردو کانفرنس میں ویڈیو لنک کے ذریعے کانفرنس میں شامل ہورہے ہیں کیونکہ ہم اپنی اس روایت کو زندہ رکھنا چاہتے ہیں، انہوں نے کہا پاکستان کی کسی زبان کا بھی اردو سے جھگڑا نہیں ہے بلکہ کچھ لوگ زبان کی بنیاد پر سیاست کرنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا مختلف زبانوں کے دانشوروں کا آپس میں کوئی اختلاف نہیں سوائے نظریات کے،انہوں نے کہاکہ اس اردو کانفرنس کا مقصد یہ ہے کہ مختلف الخیال لوگ آپس میں مل کر بیٹھیں اور ہمیں یہ معلوم ہوسکے کہ فلسفیوں اور ادیبوں نے اپنی تخلیقات سے معاشرے پر کیا اثرات چھوڑے اور آئندہ معاشرے کو بہتر بنانے کے لئے ہمیں کیا کردار ادا کرنا چاہیے۔انہوں نے کہا کورونا ختم ہونے کے بعد قومی ثقافتی کانفرنس بھی منعقد کریں گے۔ جوش ملیح آبادی، صادقین، مہدی حسن، کمال احمد رضوی اور دیگر ادیبوں اور دانشوروں اور فن کاروں کے نام پر آرٹس کونسل کراچی کے مختلف گوشوں کے نام رکھے جا رہے ہیں۔زہرا نگاہ نے اس موقع پر دنیا بھر میں پھیلی ہوئی موجودہ وباءکورونا کے حوالے سے اپنی دو خوبصورت نظمیں سنائیں، لاہور سے یاسمین حمید نے اپنا کلیدی مقالہ پڑھتے ہوئے کہاکہ ادبی عہد کی کوئی حد نہیں ہوئی 1920ءسے 1936ءتک کا زمانہ ایک عہد کے اختتام اور دوسرے کے آغاز کا زمانہ ہے،گوپی چند نارنگ نے کہا کہ ادیبوں اور دانشوروں کو معاشرے کی رہنمائی کرنا چاہئے ، ادیبوں کی یہ بہت بڑی ذمہ داری ہے کہ وہ معاشرے کے دونوں پہلوؤں کو اپنے قاری تک پہنچائیں، انہوں نے کہاکہ میں بلوچستان میں پیدا ہوا ہوں اور میں نے میٹرک بلوچستان ہی سے کیا ہے، سرائیکی زبان دودھ کی پہلی دھار کی طرح میرے خون میں شامل ہوئی،کراچی آرٹس کونسل جو کام کر رہی ہے وہ پورے برصغیر کے لئے مثال ہے، افتخار عارف نے کہا کہ سب سے پہلے اپنی زبان اور اپنے لوگوں سے محبت کریں۔ پاکستان میں زبانوں کو سیاسی مسئلہ بنایا گیا۔ اردو ادب کی صد سالہ تاریخ میں بہت سے واقعات رونما ہوئے، پروفیسر سحر انصاری نے کہا کہ ادب کو جتنا فروغ اس صدی میں ملا اتنا پہلے کبھی نہیں ملا زبانوں کو پہلے کبھی اتنی توجہ نہیں ملی جتنی اس دور میں مل رہی ہے انسان اور جانوروں کے درمیان فرق محض ادب کا ہے اور ادب سکھانے میں زبانوں نے اپنا کردار ادا کیا ہے۔ ہندوستان کے معروف نقاد و شاعر شمیم حنفی نے کہاکہ ہمارے لیے اپنے اجتماعی ماضی کو قید خانہ بنا لینا ہر لحاظ سے مہلک ہوگا اور ہماری ادبی اور تہذیبی روایت کی تاریخ اور جغرافیہ دونوں کو محدود اور منقسم کردے گا، ادب ،ثقافت اور فنون کے ساتھ اقتدار کے مراکز کا سلوک ہر جگہ ایک سا ہے، اس کو بہتر بنانے کی ضرورت ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر پیر زادہ قاسم رضا صدیقی نے کہا کہ یہ اردو کانفرنس ناسازگار حالات میں بہترین کارکردگی کا عملی مظاہرہ ہے، ادب انسان اور انسانیت کی فضیلت کی بات کرتا ہے ادب کسی بھی زبان کا ہو انسان کی فضیلت سے جڑا ہوگا،نور الہدیٰ شاہ نے کہاکہ ہم برسوں سے نفرت کی وبا میں گھرے ہوئے ہیں اسی وبا سے بیمار ہوکر ہم نے مشرقی پاکستان کھو دیا نفرتوں میں کمی کا علاج صرف ادیبوں ، شاعروں اور دانشوروں کے پاس ہے ادیبوں سے درخواست ہے کہ اپنی تخلیقات کے ذریعہ نفرت کی آگ بجھائیں، زاہدہ حنا نے کہا کہ سرحدوں پر جنگ کے بادل اور عالمی وبا کے باوجود اردو کانفرنس کا انعقاد خوش آئند ہے پاکستان میں تمام زبانیں بولنے والوں کو انکا حق ملنا چاہئے۔ شاہ محمد مری نے کہاکہ بلوچستان میں ادب کے فروغ کے لئے کام کر رہے ہیں معاشرے کے سدھار کے لئے ادیبوں اور دانشوروں کو چوبیس گھنٹے کام کرنا ہوگامعروف ادیبہ حسینہ معین نے کہاکہ مجھے اردو زبان سے محبت ہے ،اردو ادب کو سو سال ہو چکے ہیں محبت کرنے اور بانٹنے والا کبھی مایوس نہیں ہوتا۔

PakTribune
Pakistan News Service
Since 2002

# 05 December 2020

## Annual 4-day Int'l Urdu Conference Kicks Off Virtually



KARACHI: The four-day 13th International urdu Conference 2020 organized by the Arts Council of Pakistan virtually kicked off Dec 3 where renowned scholars, poets and others associated fans with the Urdu language were enthusiastically participating in this annual mega event

On its opening day, President of Arts council of Pakistan Ahmed Shah talking to a Private news channel said Urdu conference has about 200 participants annually but this year it was slightly different due to the COVID19 global pandemic scenario which has plagued the world

He explained that due to lockdown in most parts of the world, as in some parts of Pakistan this year event was held online and its sessions were available for literature buffs on the council's YouTube channel and Facebook page.

The event was fully organized following all the require Standard Operating Procedures and there is a hope that millions can participate digitally and make the 13th Aalmi Urdu Conference a massive success, he added.

The conference gives the people of Karachi and the nation a yearly opportunity to be a part of amazing literary discourse activities and lectures that are designed to celebrate the beautiful and poetic language of Urdu as well as pays a tribute to the nation's regional languages, he mentioned.

The conference has been attended by celebrated Names of Urdu literature from various countries including India around the world where different sessions are being held for public interaction, debates and discussions.



Rava.PK
با خبر، با شعور پاکستان
05 December 2020



تازہ ترین | انٹرٹینمنٹ

# آرٹس کانسل میں 13 ویں عالمی اردو کانفرنس کا دوسرا روز۔۔

**آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی کے زیر اہتمام 13ویں عالمی اردو کانفرنس کے دوسرے روز پہلا اجلاس "اردو نظم۔ سو برس کا قصہ" کے عنوان سے منعقد**

اجلاس میں ڈاکٹر فاطمہ حسن نے "خواتین نظم نگار۔ایک صدی کا جائزہ"، تنویر انجم نے "مابعد جدید حسیت، نثری نظم اور نئی نسل"، نعمان الحق نے لاہور سے آن لائن "اردو نظم کے متنوع رنگ" جبکہ نجیبہ عارف نے اسلام آباد سے آن لائن "اردو نظم پر نائن الیون کے اثرات" پر گفتگو کی۔ڈاکٹر فاطمہ حسن نے "خواتین نظم نگار۔ایک صدی کا جائزہ" پر گفتگو کرتے ہوئے کہاکہ خواتین نظم نگار پر سو برس کا طویل قصہ حقیقتاً بہت طویل ہے جس پر بات کرنا دریا کو کوزے میں بند کرنے کے مترادف ہوگا،

اس صدی کا یہ عرصہ 1920ئ سے شروع ہوتا ہے جس میں خواتین نے اعلیٰ درجے کی شاعری کی، اس صدی کو تجربے کی صدی بھی کہا جاسکتا ہے، تقسیم وطن سے پہلے تک نظم کو شاعری میں اہمیت نہیں دی گئی اس دور کی شاعرات کا ذکر صرف تذکروں میں ملتا ہے مگر تاریخ میں نہیں، انہوں نے کہاکہ ا±ردو میں شاعرات نظموں کی طرف زیادہ مائل تھیں، سو برس کی صدی میں جہاں مختلف شاعرات بہت اہم رہیں ان میں زاہدہ خان ، رابعہ پنہاں، بلقیس جمال، خورشید آرائ بیگم اور دیگر شامل تھیں،

ادا جعفری وہ پہلی شاعرہ ہیں جنہوں نے عورت کی شناخت کو اپنی نظموں میں واضح کیا، انہوں نے کہاکہ زہرا نگاہ جدید شاعری کا معتبر حوالہ ہیں ان کی نظموں پر آصف فرخی کی رائے بہت اہم ہے، زہرا نگاہ کی شاعری بہت حساس موضوعات پر ہے اور ان کی یہ سب نظمیں اجتماعی غم کی عکاس ہیں، انہوں نے کہاکہ فہمیدہ ریاض ہمارے عہد کی پہچان بن گئی ہیں انہوں نے بھی اپنے اظہار کے لیے نظم ہی کا راستہ اختیار کیا انہوں نے عورت کو اس کی پوری سچائی اور حقوق سے آگاہ کیا جبکہ کشور ناہید نے اپنی شاعری کے ذریعے ان سماجی رویوں پر اظہار کیا جس میں خواتین کے حقوق غصب کیے گئے،

1970ئ کی دہائی میں شاعرات کی نسل نے تیزی سے آگے بڑھنا شروع کیا جس میں نمایاں نام پروین شاکر کا ہے جنہوں نے اپنے مجموعہ کلام "خوشبو" سے زبردست شہرت پائی، انہوں نے کہاکہ ثمینہ راجہ اور رخسانہ صبائ کی نظموں میں بھی عورت کا بھرپور سماجی اور گھریلو سفر پیش کیا گیا ہے، تنویر انجم نے "مابعد جدید حسیت، نثری نظم اور نئی نسل" پر گفتگو کرتے ہوئے کہاکہ نثری نظم لکھنے والوں کی بڑی تعداد موجود ہے جو مختلف موضوعات پر نظمیں کہہ رہے ہیں، ماحولیاتی نظمیں بھی کہی گئی ہیں جو بے کار اشیائ کی قدر کرنا سکھاتی ہیں جیسا کہ اس تناظر میں احمد ہمیش نے نظمیں کہی ہیں،

نثری نظم اس دور میں ادب کی مقبول صنف بن چکی ہے، انہوں نے کہاکہ قارئین کی نئی نسل میں مختلف لوگ شامل ہیں ان میں وہ لوگ بھی ہیں جن کی زبان اردو ہے اور وہ بھی شامل ہیں جن کی مادری زبان اردو نہیں مگر وہ شاعری میں دلچسپی رکھتے ہیں، انہوں نے کہاکہ اردو نثری نظمیں عمومی طور پر بہت اعلیٰ اور محصور کن ہوتی ہیں ان نظموں کے اثرات ہمارے سماجی اور سیاسی اقدار سے جڑے ہوتے ہیں ہماری نثری نظمیں خواتین کے صنفی امتیاز کی نفی کرتی ہیں اس طرح یہ نظمیں ان خواتین کی زبان اور اظہار بن جاتی ہیں، انہوں نے کہاکہ اردو نثری نظمیں نہ صرف یہ کہ ہمارے طبقاتی نظام پر تبصرہ کرتی ہیں بلکہ یہ دیگر موضوعات کا احاطہ بھی کرتی ہیں تنویر انجم نے تجویز پیش کی کہ اردو نثری نظم کے سیشن منعقد ہوتے رہنا چاہئیں،

انہوں نے کہاکہ "فکرِ عالمی عمل مقامی "کا نعرہ نثری نظم کے شاعروں کا بھی ہے، نعمان الحق نے لاہور سے آن لائن "اردو نظم کے متنوع رنگ" پر گفتگو کرتے ہوئے کہاکہ گزشتہ سو برس میں اردو نظم کی شکل ہی بدل گئی ہے مگر اس صدی کے سفر میں ایک کہکشاں سی نظر آتی ہے انسان کو اس سو برس کی نظم نے کائنات سے جوڑ دیا ہے، اقبال، میراجی اور فیض بڑے بڑے نام ہیں، اقبال نے فطرت اور دست انسانی میں ایک تعلق پیدا کیا ہے انہوں نے کہاکہ اقبال پر بات کرنا مشکل بھی ہے کیونکہ جب سورج سر پر چمک رہا ہو تو بھلا بات کیسے کی جاسکتی ہے

نعمان الحق نے مختلف شعرائ کی نظمیں بھی پڑھ کر سنائیں، نجیبہ عارف نے اسلام آباد سے آن لائن "اردو نظم پر نائن الیون کے اثرات" پر گفتگو کرتے ہوئے کہاکہ شاعری انسان کے انتہائی گہرے اور اندرونی احساسات سے تعلق رکھتی ہے ایک شاعر اندر کی آگ کو چھونے اور اسے اپنے اظہار کے ذریعے باہر لانے کا کام کرتا ہے ملکی حالات پر بات ہو تو شاعر کے اندر کی آگ باہر نکل ہی آتی ہے انہوں نے کہاکہ نائن الیون کے بعد شاعری تین حصوں میں تبدیل ہوگئی یہ وہ نظمیں ہیں جو نائن الیون کے فوراً بعد لکھی گئی ہیں ان نظموں میں اس عمل کو مکافات عمل بھی قرار دیا گیا ہے تو کہیں امریکی پالیسیوں کو تنقید کا نشانہ بھی بنایا گیا ہے، انہوں نے کہاکہ نسیم سید کی نظم "بمباری "یونس جاوید کی نظم "علی بابا کہاں ہو تم " اور دیگر شعرائ کی نظمیں اس تناظر میں بہت اہم ہیں،

کشور ناہید نے تو نائن الیون کے واقعہ پر اپنا پورا مجموعہ شائع کیا ہے جبکہ آفتاب شمیم نے اپنی نظموں میں اس واقع کو ایک عالمی سانحہ کے بجائے انسانی سانحہ کے طور پر محسوس کیا ہے، انہوں نے کہاکہ یہ نظمیں ہزاروں انسانوں کا نوحہ بن جاتی ہیں جبکہ بعض نظموں میں نائن الیون کے واقعہ کا براہِ راست ذکر موجود نہیں ہے مگر اس واقعہ کا تذکرہ ضرور ملتا ہے، انہوں نے کہاکہ نائن الیون کا موضوع نثر سے زیادہ آزاد اور نثری نظموں میں زیادہ نظر آیا ہے۔

Rava.PK
با خبر، با شعور پاکستان

05 December 2020





# آرٹس کانسل میں 13ویں عالمی اردو کانفرنس میں اردو ناول کی ایک صدی ۔۔

December 4, 2020

4 views Share

**آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی میں تیرہویں عالمی اردو کانفرنس کے دوسرے روز "اردو ناول کی ایک صدی" کے عنوان سے سیشن کا اہتمام**

رٹس کونسل آف پاکستان کراچی میں جاری تیرہویں عالمی اردو کانفرنس کے دوسرے روز "اردو ناول کی ایک صدی" کے عنوان سے سیشن کا اہتمام کیا گیا جس میں نامور ادیبوں اور نقادوں نے اپنے خیالات اور مقالات پیش کئے۔

معروف نقادڈاکٹر قاضی عابد نے اردو ناول پر تہذیبی اور سیاسی عناصر پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ماضی میں اردو ناول نگاروں پر تہذیبی اور سیاسی عناصر نمایاں رہے تاہم نئے دور کے ناول نگاروں پر یہ زمہداری عائد ہوتی ہے کہ اس سلسلے کو آگے بڑھائیں۔

نامور نقاد ضیا الحسن نے لاہور سے آن لائن مقالہ پیش کرتے ہوئے اردو ناول کے ثقافتی سروکار پر سیر حاصل گفتگو کی، انہوں نے کہا کہ وجود کا اظہار ثقافت کے بغیر ناممکن ہے جبکہ ہمارے ناول نگار اپنے ناولوں میں وجود کا عنصر پانے سے قاصر دکھائی دیتے ہیں۔

انہوں نے کہا کہ ثقافت کو نمایاں کرنے کے لئے وجود کو نمایاں کیا جانا لازم ہے، ناول نگار حمید شاہد نے اردو ناول کے اسلوبی تجربات پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ناول ہمارے ہاں مغرب سے آیا جسے ہمارے ناول نگاروں نے مختلف ادوار میں اسلوبی تجربات سے موجودہ شکل میں ڈھالا اور سماجی سدھار میں اہم کردار ادا کیا، سیشن کی نظامت کے فرائض کاشف رضا نے ادا کئے

اردو پوائنٹ
مسلسل اشاعت کے 20 شاندار سال
05 December 2020

# آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی میں تیرہویں عالمی اردو کانفرنس کے دوسرے روز "اردو ناول کی ایک صدی" کے عنوان سے سیشن کا اہتمام

جمعہ 4 دسمبر 2020 18:08



کراچی (اُردو پوائنٹ اخبارتازہ ترین ۔ 04 دسمبر2020ء ) آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی میں جاری تیرہویں عالمی اردو کانفرنس کے دوسرے روز "اردو ناول کی ایک صدی" کے عنوان سے سیشن کا اہتمام کیا گیا جس میں نامور ادیبوں اور نقادوں نے اپنے خیالات اور مقالات پیش کئے۔



معروف نقاد ڈاکٹر قاضی عابد نے اردو ناول پر تہذیبی اور سیاسی عناصر پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ماضی میں اردو ناول نگاروں پر تہذیبی اور سیاسی عناصر نمایاں رہے تاہم نئے دور کے ناول نگاروں پر یہ زمہداری عائد ہوتی ہے کہ اس سلسلے کو آگے بڑھائیں، نامور نقاد ضیاالحسن نے لاہور سے آن لائن مقالہ پیش کرتے ہوئے اردو ناول کے ثقافتی سروکار پر سیر حاصل گفتگو کی۔ انہوں نے کہا کہ وجود کا اظہار ثقافت کے بغیر ناممکن ہے جبکہ ہمارے ناول نگار اپنے ناولوں میں وجود کا عنصر پانے سے قاصر دکھائی دیتے ہیں۔



انہوں نے کہا کہ ثقافت کو نمایاں کرنے کے لئے وجود کو نمایاں کیا جانا لازم ہے۔ ناول نگار حمید شاہد نے اردو ناول کے اسلوبی تجربات پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ناول ہمارے ہاں مغرب سے آیا جسے ہمارے ناول نگاروں نے مختلف ادوار میں اسلوبی تجربات سے موجودہ شکل میں ڈھالا اور سماجی سدھار میں اہم کردار ادا کیا۔ سیشن کی نظامت کے فرائض کاشف رضا نے ادا کئے۔

اردو پوائنٹ
مسلسل اشاعت کے 20 شاندار سال
05 December 2020

# آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی میں تیرہویں عالمی اردو کانفرنس کے دوسرے روز "پانچ کتابوں کی رونمائی" کی گئی

آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی میں جاری تیرھویں عالمی اردو کانفرنس کے دوسرے روز پانچ کتابوں کی تقریب رونمائی ہوئی جس میں کتابوں کے مصنفین اور تجزیہ نگاروں نے کتابوں سے متعلق اپنی آرا کا اظہار کیا

جمعہ 4 دسمبر 2020 18:15



کراچی (اُردو پوائنٹ اخبارتازہ ترین ۔ 04 دسمبر 2020ء) آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی میں جاری تیرھویں عالمی اردو کانفرنس کے دوسرے روز پانچ کتابوں کی تقریب رونمائی ہوئی جس میں کتابوں کے مصنفین اور تجزیہ نگاروں نے کتابوں سے متعلق اپنی آرا کا اظہار کیا.



معروف مصنفہ عذرا عباس کی کتاب "اداسی کے گھاؤ" پر تبصرہ کرتے ہوئے کاشف رضا نے کہا کہ اپنی کلیات میں مصنفہ نے نظم کو نیا رنگ عطا کیا ہے.



حمیرا خلیق کی کتاب "گوشہ دل" پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے ڈاکٹر فاطمہ حسن نے کہا کہ مصنفہ نے اپنے خاکوں میں معاشرے کے مختلف پہلوؤں اور معروف کرداروں کے پوشیدہ رویوں کو اجاگر کیا ہے.



اقبال نظر کی کتاب "درویش نامہ" پر بات کرتے ہوئے معروف دانشور پیرزادہ قاسم نے کہا کہ مصنف نے اپنی کتاب میں انسانی رویوں کو انتہائی خوبی سے لفظوں میں سمویا ہے.



پروفیسر سحر انصاری نے ممتاز شاعرہ ہما طاہر کے تیسرے شعری مجموعے "اوج کمال" کو سراہتے ہوئے کہا کہ شاعرہ نے اس کتاب میں زندگی کے موسموں کو تخلیق کے رنگوں میں پرویا ہے ان کے شعروں میں حب الوطنی کا رنگ بھی پایا جاتا ہے. تقریب رونمائی کی میزبانی آغا شیرازی نے کی.